قلعہ گولکنڈہ، حیدرآباد، دکن سے ماہانہ ادبی مجلّہ..................

انوار تحقیق

جلد۔۲ شمارہ۔۳، ۴، ۵ مارچ، اپریل، مئی ۲۰۱۶ء

زرتعاون:۔ فی شمارہ:۔ ۵۰ روپے سالانہ:۔ ۵۰۰ روپے

زرتعاون کا ذریعہ:

Mr. Mubarak Hussain

Accnt no.: 50045054076

IFSC CODE: ALLA-0210134

Allahabad Bank, AMU, Aligarh

نگراں:۔ **سید عادل احمد**، محکمہ آثار قدیمہ، اسٹیٹ میوزیم، حیدرآباد، تلنگانہ

ایڈیٹر:۔ **سید الیاس احمد مدنی**

پتہ:۔ 9/10/389، نیم باولی مسجد، کٹھوراہاؤس، گولکنڈہ قلعہ، حیدرآباد، تلنگانہ۔ 008 500

موبائل نمبر:۔ 09966647580 ای میل:۔ anwaretahqeeq@gmail.com

مجلس ادارت

ڈاکٹر شاہد نوخیز اعظمی۔ شعبۂ فارسی، مانو حیدرآباد

ڈاکٹر محمد عقیل۔ شعبہ فارسی، بی ایچ یو، وارانسی

ڈاکٹر سکینہ امتیاز خان۔ صدر شعبہ فارسی، بمبئی یونیورسٹی، ممبئی

ڈاکٹر محمد قمر عالم۔ شعبۂ فارسی، اے ایم یو، علی گڑھ

ڈاکٹر محمد توصیف خان کاکر۔ شعبۂ فارسی، اے ایم یو۔ علی گڑھ

احمد نوید یاسر ازلان حیدر

مدیر سہ ماہی ادبی جریدہ ''دبیر''۔ کاکوری، لکھنؤ

ارمان احمد

مدیر سہ ماہی ادبی جریدہ ''عرفان''۔ چھپرا، بہار

عاطفہ جمال

مدیر سالنامہ ''کوکب ناہید'' سندیلہ، ہردوئی

شیخ عبدالرحیم۔ جماعت اسلامی ہند۔ حیدرآباد، دکن

متقی علی خان۔ نامہ نگار روزنامہ منصف، حیدرآباد، دکن

مجلس مشاورت

پروفیسر مسعود انور علوی۔ شعبہ عربی اے ایم یو، علی گڑھ

پروفیسر عمر کمال الدین۔ شعبۂ فارسی، لکھنؤ یونیورسٹی، لکھنؤ

پروفیسر سید حسن عباس۔ شعبۂ فارسی، بی ایچ یو، وارانسی

پروفیسر عزیز بانو۔ شعبہ فارسی، مانو حیدرآباد

پی انورادھا ریڈی۔ انٹیک، تلنگانہ اسٹیٹ، حیدرآباد۔ چاپٹر

ڈاکٹر زرینہ پروین۔ ڈائرکٹر آف آرکائیوز، حیدرآباد، دکن

ڈاکٹر سید محمد اصغر عابدی، شعبہ فارسی، اے ایم یو، علی گڑھ

احمد علی، کیپر مینسکر پٹ۔ سالار جنگ میوزیم، حیدرآباد

ڈاکٹر سیدہ عصمت جہان۔ شعبۂ فارسی، مانو حیدرآباد

ڈاکٹر ایم اے نعیم، حیدرآباد، دکن

جناب ایم اے غفار، استاد خطاطی، ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد

کشور جھن جھن والا، ماہر مسکوکات، ممبئی

امر بیر سنگھ۔ ماہر مسکوکات۔ حیدرآباد

فہرست مندرجات

	عنوان	مقالہ نگار	صفحہ
۱۔	اداریہ	مدیر	3
۲۔	صحۃ عمل المراۃ	ڈاکٹر خدیجہ جبین	۴
۳۔	عہد شہمیر یان، نخستین دورۂ فارسی در کشمیر	محمد ریاض	۶
۴۔	غنی ورزندۂ فقر	شبیر احمد ولطیف احمد	۱۱
۵۔	غربت میں جا کے چمکے	ڈاکٹر عالم اعظمی	۱۵
۶۔	ہدایت المخلصین کا جمالی تعارف	لطیف احمد سلمانی	۱۹
۷۔	ملا بہاؤ الدین متو	شفیق احمد	۲۳
۸۔	عہد مغلیہ کے تین سلاطین	تبسم رفیع	۲۷
۹۔	استاد قمر جلالوی کی مرثیہ نگاری	یاسر عباس	۳۳
۱۰۔	مولانا شبلی نعمانی کی تاریخی تصانیف پر ایک نظر	رضیہ سلطانہ	۴۰

اداریہ

اونچی عمارتیں، عالیشان تعمیرات کا تذکرہ کرتے ہی ہمارے ذہنوں میں دبئ کے فن تعمیر کے نقوش ابھرنے لگتے ہیں کیوں کہ اس عصری دور میں یہاں فلک بوس عمارتیں دیکھنے کے بعد عقل حیران رہ جاتی ہے لیکن اگر ہم تاریخی شہر حیدرآباد میں موجود حضرت سید شاہ راجو قتال محمد الحسینیؒ کی درگاہ کی فن تعمیر کا تذکرہ کریں تو دنیا بھر کی عالیشان عمارتیں ہیچ دکھائی دیتی ہیں کیوں کہ 350 برس قبل صرف ایک چٹان میں 110 ستونوں پر تعمیر کردہ یہ گنبد فن تعمیر کا انتہائی غیر معمولی نمونہ ہے۔ ویسے تو شہر حیدرآباد میں کئی بزرگان دین کی مزارات اور بارگاہیں موجود ہیں لیکن سید یوسف حسینیؒ جنہیں یہاں کی عوام انہیں شاہ راجو قتالؒ کے نام سے جانتی ہے ان کی آخری آرام گاہ جو کہ مصری گنج میں موجود ہے یہ فن تعمیر کی ایک ایسی شاندار عمارت ہے جسے دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ حضرت سید راجو قتالؒ جو کہ قطب شاہی سلطنت کے آخری بادشاہ ابوالحسن تاناشاہ کے استاد و مرشد بھی رہے اور 14 برس بادشاہ ان کے فیوض و برکات سے مستفیض بھی ہوئے اس عقیدت کے تحت قطب شاہی دور میں یہ گنبد تعمیر ہوئی ہے۔ یہ گنبد جو کہ ہندوستان کا سب سے اونچا گنبد ہے اس کی تعمیر میں 110 ستونوں کا سہارا لیا گیا ہے اور ہر ستون ایک ہی پتھر میں تراشا گیا ہے یعنی ان ستونوں کے لیے 110 بڑی چٹانوں کو تراشا گیا اور ہر چٹان کو کانٹ چھانٹ کر ایک ستون بنایا گیا ہے۔ سطح زمین سے اس گنبد کی اونچائی 165 فیٹ ہے۔ ایک بزرگ ہستی کی آخری آرام گاہ اور فن تعمیر کی شاہکار کے اعتبار سے ایک غیر معمولی عمارت کی خستہ حالی کی طرف فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے کیوں کہ گنبد پر جگہ جگہ پچی کرنے سے اس کی بوسیدگی کا پتہ چل رہا ہے۔ چند برس قبل قلی قطب شاہ اربن ڈیولپمنٹ اتھاریٹی نے اس درگاہ کے اندرونی حصہ میں آہک پاشی کا کچھ کام کروایا تھا لیکن بیرونی حصہ کی خستہ حالت کو سدھارنے کی سمت کسی نے توجہ نہیں کی۔ اکٹوبر 2006 میں 2 ہزار کروڑ روپئے کے خصوصی پیاکیج کے اعلان کے باوجود ہندوستان کی سب سے اونچی گنبد زبوں حالی کی شکایات کر رہی ہے۔

مدیر

صحة عمل المرأة

ڈاکٹر خدیجه جبین، پی ایچ ڈی عثمانیه یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر جامعه نظامیه یونیورسٹی، حیدرآباد

قال تعالى :(وقرن في بيوتكن ولا تبرجن تبرج الجاهلية الأولى وأقمن الصلاة ...)وقال رسول الله ﷺ (وبيوتهن خير لهم) وعن أنسؓ قال جئن النساء الى رسول الله ﷺوقلن : يارسول الله ﷺ ذهب الرجال بالفضل والجهاد في سبيل الله فمالنا من عمل ندرك به عمل المجاهدين في سبيل الله ؟ فقال رسول الله ﷺمن قعدن منكن في بيتها فإنها تدرك عمل المجاهدين في سبيل الله) وقال الرسول ﷺ إن المرأة عورة فإذا خرجت ضحك منها الشيطان وأقرب ما تكون قريبة من ربها وهي في قعر بيتها) وفي الحديث صلوة المرأة في مخدعها أفضل من صلاتها في بيتها وصلاتها في بيتها أفضل من صلاتها في مجرتها)

إن جلوس المرأة بين جدران بيتها لايقل عند الله عن الجلوس بين جدران بيت الله وان سعيها بين مخدعها ومطبخها لايقل عند الله عن السعي بين الصفا والمروة ، وإن جلوس المرأة في بيتها بمثابة عداد يعد الحسنات فإذا خرجت من بيتها توقف العداد .

إن المرأة المؤمنة التي تقرفي بيتها تثاب لامتثالها لأمر الله بالقرار في البيت ،وعزتها في تذللها لزوجها في طاعة الله ، وأمان المرأةفي أن ينفق عليها زوجها ويزول هذا الامان بانفاق المرأةعلى نفعهاوتجد الغنى في انفاق زوجها عليها وتجد الهواء الطلق في نفوس أولادها ورائحة طبيخها .

ولاتكلف المرأة بشئ من الانفاق .سواءكانت غنية أوفقيرة ، سواء زوجها قادرا على العمل أوعاجزا عنه بل ذكر الفقهاء أن الزوج الغير القادر على العمل تكلف بالسؤال لينفق على زوجته.

فالبيت بدون الامهات الصالحات قبور والبيت بلا زوجة كالمسجد لاتقام فيه صلاة ، ولو علمت المرأة ثواب جلوسها في بيتها ماخرجت من بيتها الا ثلاث مرات : مرة من بيت أبيها الى بيت زوجها ، ومرة من بيتها الى المسجد الحرام لاداء فريضة ربها ، ومرة من بيتها الى قبرها.

فلا تخرج الا لحاجة وليس حاجتها طلب الرزق فانها مكفية الرزق من والدها أوزوجها أوأخيها أوأبنها أوقريبها ولها أن تعمل في مساعدة زوجها وأبيها في الخياطة والتطريز وأن تتاجر بمالها ، لان لها الشخصية المستقلة ولها أعمال تناسب مع فطرتهاوتستطيع مشاركة الرجل في أمور الحياة .

وإذا خرجت فعليها أن تراعي مايلي :

-إذن وليها في الخروج الى العمل .

-سلا متها من الا ختلاط والخلوة بالأجنبي .

- خروجهامن بيتها عن أمراسلامي من جلباب سابغ وستر للوجه والكفين.

- ويحسن خروج المرأة من البيت الا لحاجة ماسة اليها.

ولا بد لها من مخالطة الرجال وذلك أمر محرم والمرأة التي تعمل خارج البيت تفقد أنوثتها ويفقد أطفالها الثمن الحب . والمرأة لا تستطيع أن تنجز أعمالا كالرجال فإن لها من العادات الشهرية وأعباء الحمل والفكر في الاولاد وفي تربيتهم ومطالبهم ما يغشلها حقا ان توازي الرجل في عمله ويعوقها عن التقدم في العمل .

فمن خلال ما عرضنا من طبيعة المرأة ووظيفتها في الحياةنستطيع أن نقرر بسهولة وإيجاز أن العمل الذي يجب أن توجه إليه جهود الأباء ومسؤلي التربية والإعلام في حق الأنثي هو العلم الذي يتفق مع طبيعة الأنثي ووظيفتها في الحياة .

يجب أن تُعلّم الدروس الدينية من قرأن وسنة وتوحيد وفقه وكذلك يجب أن تُكثر لها من دروس التربية والاخلاق لكي تربي أولادها في المستقبل ويجب أن تكثر لها دروس العناية بالأسرة ووظائف أعضائها وواجباتها نحو زوجها وبيته وأولادها ويجب أن تكثر لها دروس العناية بتربية الأطفال تربية سليمة من جهة الخلق والجسم والعقل ويجب أن تكثر لهما دروس تتعلم بها أعمالا تتفق مع وظيفتها من خياطة وتطريز .وتوجه بعضهن الى متابعة الدراسة العالية كي يخرجن قابلات ممرضات وطبيبات ومعلمات ومدرسات يعملن في المدارس ويجب مراعاة عدم الأختلاط قدر الإمكان لأضراره البالغة و الخطيرة .

عهد شهمیریان، نخستین دورۂ فارسی در کشمیر

محمد ریاض (ریسرچ اسکالر)، شعبۂ فارسی، اے، ایم، یو، علیگڑھ

قبل از عهد شهمیریان در سرا سر کشمیر سانسکریت از حیث زبان موثق و رسمی رائج تمام بود و زبان فارسی را فقط بازرگان و تاجران و یا سیاح که از کشور ایران به خطۂ کشمیر ورود می کردند به کار می بردند۔ وقتی که پادشاه رنچن فوت شد، شخصی بنام شهمیر بغاوت کرد تا در سنه ۱۳۳۸ء با لقب سلطان شمس الدّین به حکومت نشست۔ عهد شهمیریان در کشمیر از دورۂ سلطان شمس الدّین شهمیر شروع می شود و بعد از این بیشتر آل شهمیریان که اسمشان سلطان جمشید، سلطان علاء الدّین، سلطان شهاب الدّین، سلطان قطب الدّین، سلطان سکندر و سلطان زین العابدین آمدند در کشمیر حکومت کرده اند۔ ۱

انتشار و ترویج زبان و ادبیات فارسی و تعلیمات اسلامی در خطۂ کشمیر اصلاً نتیجۂ فتنۂ تیموری در ایران بود۔ وقتی که چون بلادهای قرب و جوار کشور ایران از فتنۂ تیموری ویران گشتند، هزارها مردم از این سبب از کشور ایران جوق در جوق به هجرت مجبور شدند۔ مورخین می نویسند که میر سیّد علی شاه همدانیؒ ابن شهاب الدّین همدانیؒ از سبب همین فتنۂ تیموری در دورۂ سلطان شهاب الدّین شهمیر در سال ۷۷۳ هجری اولین بار به خاك کشمیر قدم مبارك نهادند و بار دوم سیّد علی همدانیؒ در دورۂ سلطان قطب الدّین در سال ۷۸۱ھ با هفتصد سادات کرام که بیشترشان شاعران و علمای دین بودند باز در کشمیر وارد شدند، بار سیوم در سال ۷۸۵هجری در کشمیر آمدند۔ بعد از این سلسله ای به اینطور جاری ماند که پسر شاه همدانؒ بنام ''سیّد محمد همدانیؒ'' با صدها سادات کرام هم وارد کشمیر شدند و اثر براه راست این شد که با انتشار و تبلیغ دین اسلام در خطۂ کشمیر زبان و ادبیات فارسی و فرهنگ و علوم و فنون ایرانی نیز در سرا سر کشمیر رواج بسیار یافت۔

میر سیّد علی همدانیؒ به عنوان مبلّغ ایرانی در گوشه و کنار کشمیر دین اسلام و زبان و فرهنگ و ادبیات ایرانی را انتشار داد و سلاطین شهمیریان احترام ایشان بسیار دارند و با کوششهای سیّد علی

همدانی برای انتشار دادن تعلیمات اسلامی به زبان فارسی و عربی در خطۂ کشمیر کمر بسته بودند۔ در این مدّت دو و نیم سال بیشتر مردمان کشمیر از زبان فارسی بطور کلّی آشنا گردید و ایشان هم با زبان و ادبیات فارسی علاقه بسیار داشتند۔ سلطان علاء الدّین برای درس و تدریس تعلیمات قرآنی و شرعی در محلّه علاء الدّین پوره خانقاهی نیز بنا کرد که در آن خانقاه سیّد علی همدانی و رفقای ایشان معمور به درس و تدریس بودند۔ ۲

شاه همدانؒ خود مردی بسیار عالم و فاضل و شاعر و نثر نگار چیره دست و صاحب تصانیف عربی و فارسی بسیاری بوده است۔ بعضی از مورخین تعداد تصنیفات ایشان را از صد تا کتاب بیشتر می نویسند که درآن ذخیرة الملوك، مرأة الطالبین، مناجات نامه، رسالۂ مکتوبات، منهاج العارفین، کشف الحقایق، فتوتیه نفسیه، حل مشکلات در فارسی و رسالۂ اوراد فتحیه، قدوسیه، رسالۂ احادیث معرفت زهد، چهل حدیث در عربی و مجموعۂ غزلیات عرفانی به نام ''چهل اسرار'' بسیار مشهور است، تصانیف میر سیّد علی همدانیؒ مبنی بر موضوع های دینی و اخلاقی و سیاسی است و در آن عهد که زبان فارسی بطور کلّی در خطۂ کشمیر رائج تمام نبود با اینحال او انتخاب زبان فارسی را در تصانیف خودش خیلی جاذب و آسان کرد که نمونه ها بیشتر در ''ذخیرة الملوك'' و ''مکتوبات'' که برای سلطان قطب الدّین شهمیر به زبان فارسی می نوشتند، و در بیشتر رساله های ایشان دیده می توان شود، تصانیف سیّد علی همدانیؒ معروف ترین تصانیف اولین عهد زبان و ادبیات فارسی در کشمیر بشمار می آمدند۔ ۳

میر سیّد علی همدانیؒ در ختلان کتابخانه ای قائم کرده بود و چون سیّد وارد کشمیر شدند، از آن کتابخانه بیشتر کتابهای فارسی و عربی با خود آورد۔ مرید سیّد علی همدانیؒ به اسم 'سیّد محمد قاضی' که نگران کتابخانۂ ختلان بود در کشمیر هم معمور بر عهدۂ نگران کتابهای سیّد علی همدانیؒ شد و بعد از وفاتش این خدمت به ملا احمد را تفویض شد۔ ۴

بعد از وفات سیّد علی همدانیؒ ۷۸۶هجری پسرشان ''میر سیّد محمد همدانیؒ'' در سال ۷۹۵هجری با گروهی از عرفا و علمای سادات در دورۂ سلطان سکندر وارد کشمیر شدند و کتابی بنام ''رسالۂ سکندری'' در بارۂ تصوّف برای سلطان سکندر به زبان فارسی تصنیف کرد، میر سیّد محمد همدانیؒ فعّالیّتهای پدر خود را ادامه داد و مدّت دوازده سال در خطۂ کشمیر بسر برد، در طول این مدّت نفوذ زبان و ادبیات فارسی به اندازه

ای وسیع گردید که سلاطین شهمیریان در سرا سر کشمیر به زبان فارسی تکلّم می کردند و فارسی سرایان و نویسندگان به وجود می آمدند و زبان فارسی ساختن خانقاه قدم می داشتند و وزیر سلطان سکندر به دست ایشان مشرّف به اسلام گردید و سپس عدّه ای بسیار از مردم این سر زمین قبول اسلام نمودند۔ ۵

مولانا سعید الدّینؒ همراه میر محمد همدانیؒ هم در سال ۷۹۵هجری وارد کشمیر بود، این مردی نیز عالم و فاضل بود و در علم تفسیر و حدیث و منطق و فلسفه مهارت بسیار داشت، میر محمد همدانیؒ ایشان را متولّی خانقاه معلّٰی ''معروف به خانقاه شاه همدانیؒ'' مقرر کرد و در وقف نامۀ ایشان را از واژه های ممتاز و معزّز، برادر ارشد و امجد خطاب فرمودند۔ ایشان در محلّۀ خانقاه معلّٰی مسکن اختیار نمود و مشغول درس و تدریس بودند۔ از اولادشان علما و فضلا و حکما و شعرا و خطّاط متولد شدند۔ این مبلّغان ایرانی از زمان شهاب الدّین در کشمیر مهاجرت نموده بودند و در نتیجه معاشرت و مصاحبت و روابط مستقیم فرهنگ و زبان فارسی قرار گرفت و از تشویق و حمایت سلاطین شهمیریان و گروه علما و مبلّغان و تاجران که سوی کشمیر رهسپار شدند، وجود آنها بر زندگی اجتماعی و فرهنگی مردم تأثیر عمیقی گذاشت۔ در دنبال این روابط فرهنگی و تبلیغ مذهبی زبان فارسی در کشمیر به اینطور رواج گرفت که در دورۀ سلطان شهاب الدّین زبان فارسی به جای سانسکریت را گرفت و فارسی نه تنها در امور دولتی بلکه در محافل ادبی و فرهنگی و سیاسی نیز جای خود را پیدا کرد و در مدارس و شهرها و قصبه ها و دهکده ها و روستاها جاری شد۔ ٦

از بین هجده سلاطین شهمیریان کشمیر علاوه بر زین العابدین، سلطان شهاب الدّین، قطب الدّین و سلطان سکندر نیز دانش پرور و معشوق فضلا، اُدبا و دانشمندان بودند۔ سلطان شهاب الدّین مدرسه ای برای تعلیم اسلامی به اسم ''مدرسة القرآن'' تأسیس نهاد و سلطان قطب الدّین در شهر سرینگر دانشکده ای تأسیس نمود که ریاست آن را حاجی محمد قاری به عهده داشت۔ این دانشکده تا اوسط قرن سیزدهم هجری وجود داشت۔ در زمان سلطان سکندر عدّه ای زیادی از علما و فضلای اسلام از عراق و خراسان و ماوراء النهر به کشمیر مهاجرت نمودند۔

دورۀ عظمت شهمیریان اصلاً دورۀ سلطان زین العابدین است۔ این عهد دارائ علما و نویسندگان و شاعران و تاریخ نویسان و مترجمان بوده که واقعًا استاد زبان فارسی بودند و بر اثر تشویق و حمایت سلطان علم و فرهنگ پرور علمای برهمن نیز زبان فارسی را فرا گرفتند۔ زین العابدین اولین پادشاه کشمیر گذشت

که منصب ملك الشّعرایی را در دربار خود دایر نمود و ملا احمد کشمیری اولین کسی است که به این منصب سرافراز گردید۔ این نکته دارای اهمیت فراوان است که در عهد شهمیریان بود که زبان فارسی به عنوان زبان رسمی شناخته شد و این زبان به جای زبان سانسکریت زبان درباری شد۔ زین العابدین در زمان امیر تیمور هفت سال در سمرقند پیش امیر تیمور بسر برد و در این زمان با علوم و زبان و ادبیات فارسی و صنایع ظریفهٔ ایران بطور کلّی آشنا گردید۔ ے۷

پروفسور شمس الدّین احمد در مقالهٔ خودشان می نویسند که یکبار شاه رُخ میرزا که پسر امیر تیمور بود، برای پادشاه معاصر کشمیر سلطان زین العابدین لعل و جواهر و فیل و اسپها را به عنوان هدیه فرستاد، سلطان زین العابدین بعد از تقدیم و تشکّر نوشت:

''اگر به جای لعل و جواهر عدّه ای از دانشمندان و فضلای

ایران می فرستادید موجب خوشحالی بیشتر می گردید''

شاه رُخ میرزا برای خوشنودیٔ پادشاه کشمیر شش نفر از زبدگان علما و دانشمندان دربار بشمول کتابها در علوم متفرقه به زبان فارسی و عربی از کتابخانهٔ شخصی فرستاد۔ ے۸

زین العابدین دارلترجمه را تأسیس نهاد که آن شعبه های فارسی و سانسکریت را دایر کرد، و در شعبهٔ سانسکریت تحت نظر ''پاندیت بو وهی بهت'' کتابهای کلاسیك فارسی در سانسکریت ترجمه شد و همچنین در شعبهٔ فارسی که رئیس آن ملا احمد کشمیری بود، کتابهای سانسکریت را به فارسی گردانید مثلاً ''مهابهارت'' همین طور ''راج ترنگنی'' را که راجع به کشمیر یکی از قدیم ترین تاریخ ها است به زبان فارسی ترجمه کرد۔ عبدلقادر سروری می نویسد که ملّا احمد ترجمهٔ مجمع الحکایات ''کتها سرت ساگر'' را ترجمه کرد و اسم آن ''بحر الاسمار'' داشت۔ این نکته باید متذکّر شد در کشمیر در این عهد زبان فارسی و تاریخ نویسی به بام عروج رسید۔ ے۹

خلیق انجم هم مؤیّد همین عقیده به نظر می رسد:

''کہتے ہیں کشمیر میں سلطان زین العابدین ۸۷۸۔۸۲۷ہجری کے زمانے میں فارسی زبان کو عروج

حاصل ہوا۔ سلطان نے فارسی کو ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان تعلقات مستحکم کرنے کا ذریعہ بنایا'' ے۱۰

جانشینان سلطان زین العابدین فعّالیّتهای ادبی و فرهنگی را ادامه دادند و این خانواده در مدّت

دویست و پنج سال خطۂ کشمیر را از لحاظ زبان و فرهنگ و ادبیات به طور کلّی به 'ایران صغیر' مبدّل گردند و عهد سلاطین شهمیریان در کشمیر نخستین دورۂ ترویج و پیشرفت زبان و ادبیات فارسی به شمار می آید۔ نباید فراموش کرد که تا سقوط سلسلۂ شهمیریان در سال ۹٤۸ هجری این خانواده به بالا بردن پایۂ زبان و ادبیات فارسی در کشمیر کوشان بودند۔

حواشی:

۱. تاریخ کشمیر، از حیدر ملك ۔

۲. خلاصة المناقب از نور الدّین جعفر بدخشیؒ، شماره ۲۵۸، نسخه خطی، مرکز تحقیقات جموں و کشمیر۔ :کشمیر میں فارسی ادب کی تاریخ از عبدلقادر سروری، : نگارستان کشمیر، کشمیر، از غلام محی الدّین صوفی۔ کشمیر سلاطین کے عهد میں، از سیّد صباح الدّین۔

۳. کشمیر، از غلام محی الدّین صوفی، جلد اول، ص ۹۰۔ : و کشمیر میں فارسی ادب کی تاریخ، از عبدلقادر سروری۔

۴. زبان فارسی در عهد شهمیریان، چکان و مغولان ، از مسرّت پروین، قند پارسی ، شماره ۲۸۔ ۲۷، : و سیّد میر علی همدانی، از دکتر سیده اشرف ظفر ۔

۵. تاریخ حسن، از پیر غلام حسن، جلد ۲، ص ۱۷۸۔ و تاریخ کشمیر، از حیدر ملك۔

۶. تاریخ حسن، از پیر غلام حسن، جلد ۲، ص ۱۸۰۔ ۱۷۸۔ و شاه همدان، حیات و کارنامے، از شمس الدّین احمد، ص۔ ۔

۷. جایگاه سید علی همدانی در کشمیر، از نسرین توکلی، قند پارسی، شماره۱۲۸۔۱۲۷۔

۸. سیری در ادبیات فارسی از دکتر شمس الدّین احمد، دانش، شماره ۵، ص ۱۱۔

۹. واقعات کشمیر، از محمد اعظم دیده مری۔ و تاریخ کشمیر، از حیدر ملك۔

۱۰. ادبیات فارسی میں هندؤں کا حصّه، از سیّد عبداللّٰه، انجمن ترقّی اردو، دهلی نو، ص ۲۲۔

☆☆☆

غنی، و رزندهٔ فقر

شبیر احمد بٹ ولطیف احمد سلمانی، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

جمع کردم خار و خاشاکی که سوزم خویش را
گل گمان دارد که بندم آشیان در گلستان

اگرچه معروف ترین شعراء فارسی مثل سعدی، امیر خسرو و حسن باوج کمال رسیدند البته می توان گفت که آنها نخستین جهانگرد بودند ۔ ایشان زشت و زیبا ، جبر و زجر و گیرد دار جهاں را اول به نظر عمیقانه و دقیقانه دیدند۔ پس بوی عمیق بینی و جهان شناسی از اشعار آنها می آید و دیگر بر دلهای شنوند گان و خوانند گان تاثیر و سایه و چاپ می گذارند۔ وقتی که ما شاعرنامدار ملا طاهر غنی کشمیری را می بینیم بر عکس ایشان مثل حافظ شیرازی است که به جهانگردی نرفته است۔ در کنج انزوا زندگئی فقر و فاقه درون خانه نی فرش(بی بوریا) می کرد۔ در مورد این طرز زندگی در اشعار پر درد و پر مغز سروده است۔ ملاحظه کنید ؎

گه نشد طبیب ز درد نهان ما
این نبظ ما خوش تر است از زبان ما

اگرچه غنی کشمیری جهانگرد نبود ولی مثل رودکی شمع درونی را روشن کرده بودو مثل شمع، خودش را می سوخت واز اشعار خود رونقِ بزمهای دلش را می افزود۔ بقول علامه اقبال ؎

نه تو اندر حرم گنجی نه در بتخانه می آئی
ولیکن سوی مشتاقان چه مشتاقانه می آئی

اگرچه در مورد حیات غنی کشمیری که اسمش ملا محمد طاهر است و غنی تخلص داشت اطلاع بیشتر بدست نیامده است البته از تذکره نویسان این حقیقت جدی وامی شود که غنی کشمیری ارثاً ازخانه عشائی شوق علم و فضل و ذوق زهد و تقویٰ یافته بود۔از مدرسه قطبیه که در محله قطب الدین پوره در شهر سرینگر سلطان قطب الدین تاسیس کرده بود ، علوم متداول فرا گرفت ۔ این مدرسه ای بود که در آن هنگام مرکز علوم انسانی بود و علماء برجسته و عارفان کامل آنزمان در انجا مشغول درس و تدریس بودند مثل ملا جوهر نات ، ملا عبد الستار و ملا محسن فانی وجز آن ۔غنی کشمیری ازین مدرسه تمام علوم متداوله از جمله ادبیات فارسی و عربی و فلسفه و حکمت و

دیگر علم طب هم فرا گرفت۔ محسن فانی کشمیری در آن هنگام یکی از علماء برجسته ای بود که نه فقط ماهر ادبیات بود بلکه در دینیات و ادبیات و اسلامیات و تاریخِ مذاهبِ جهان چیره دست بود۔ وی بتوسط علوم اسلامیٔ خود سه نفر هنود را مشرف به اسلام و دین مبینِ حق کرد۔محمد اسلم سالم یکی از همان مسلم شده ها است که دیگر از حیث شاعر برجسته و معروف گردید۔ ملا طاهر غنی کشمیری ازین قدر استادان عالی همت و قدر تربیت یافت و از ظاهر و باطن به مرتبه بالا رسید۔بقول محمد علی ماهر ے

چون دادش فیض صحبت شیخ کامل محسن فانی
غنی سر حلقهٔ اصحاب او در نکته دانی شد

نویسندۀ برجسته و مثنوی وغزل سراء اعلیٰ چون محسن فانی استاد ورهبر غنی کشمیری بوداین لازم است که دیگر غنی کشمیری ازحیث عارف و شاعر نامدار معروف گردد۔ غنی مردئ قانع و فقیر منش و دیندار و گوشه نشین و عزلت نفس بود۔موضوعات فراوان از اشعار غنی بدست می آیند مثل حسن و عشق ، ناپائداری،مرگ کوشی ، داخلیت پسندی و غم پسندی وجز آن۔ غنی کشمیری در حیات خودمدح گوئی را وسیلۀ کسب معاش نساخته بلکه این را موجب ننگ می پنداشت۔ ملاحظه کنید ے

بچشم آب و رنگینی نیست خوان پادشاهان را
که دارد کاسۀ درویش نعمتهای الوان را
غنی چرا صلۀ از کسی گیرد
همین بس است که شعرش گرفت عالم را
غنی اگرچه فقیر است همتی دارد
فشانده است بکونین دست خالی را

از تذکره نویسان این حقیقت هم وا می شود که صائب تبریزی یکی از بزگترین شاعرِمعاصر غنی از اشعار غنی متاثر شده بود۔چون روزی در دهلی آمده بود عزیمت کشمیر کرد و با غنی ملاقی گشت۔ باهم در دَل سفر می کردند واز طبیعت غنی و اشعارش خیلی متاثر شده بود۔ چون صائب به ایران بر گشت ، اشعار غنی را یاد می کرد۔هرگاه کسی از ایران سائر کشمیر می گشت وصائب اطلاعش می گرفت۔ پس از بر گشتن به ایران صائب ازو می پرسید که کدام ارمغان برای من آورده ای۔در نظر صائب مراد ارمغان کلام غنی می بود۔ چون در مورد حیات غنی و اشعار وی می خوانیم این

راز وا می شود که غنی مردی فقیر بود۔ بوی فقیرانه از اشعار غنی بر می آید و معلوم می شود که فقیری را در حیات خود ورزیده بودند۔ از زبان علامه اقبال ؎

شاعر رنگین نوا طاهر غنی
فقر او ظاهر غنی باطن غنی

قبل از اینکه ما فقر غنی را توضیع بدهیم باید فقر را که طریقهٔ پیامبرانه است یک خورده توضیع بدهیم۔ حضرت سر ور کائنا ت فخر موجوداتﷺ فر مودند که الفقر فخری یعنی ما را بر فقر فخر است۔ حضرت مایم بن محمدؒ گوید که اوصاف فقر ایننند که بنده محافظ اسرار درونی باشد و به نفس خویش را حفاظت کند۔ حضرت شبلی می گوید که فقیرآنست که جز بیاد خدا در هیچ متاعی راحت نیابد۔ حضرت ابوالحسن نوریؒ می گوید که اوصاف فقر ایننند که چون هیچ متاع ندارد ،ساکت می ماندو چون یابد به کار می برد و چون دارد بحالت اضطرابی می ماند۔

از این اقوال بزرگان سلف واضع می شود که غنی واقعاًفقیر بود۔طریقهٔ فقر نه فقط در حیات خودش ورزیده بودبلکه اشعارهائی که سروده است از آن هم این وا می شود که مشاهده ها و تجربه های فقر به اندازهٔ دلپزیری بیان نموده است۔ آنہا راست ها ی جہان (Universal Truth) رابخوبی و چیره دستی عیان کرده است۔پندونصایح که در حیات مردم کار آمد است را هم از اشعار خویش بما رسانیده است۔ رفتار خوب که باید با همسائگان و هم جنسان کرد اینطور بیان می کند ؎

سعی بر راحت همسائگان کردن خوش است
دست کس بگیر اگر دستت می دهد
رفیق اهل غفلت کی شد از کار می مانند
چوپای خند پای دیگراز رفتار می مانند

در نظر غنی تنعم خوب ،صفائی قلب و نور درونی چیزهائی هستند که از ایشان حقایق و دقایق حیات و کائنات منکشف می شوند ؎

عشق بر یک فرش بنشاند گدا وشاه را
سیل یکسان میکندپست و بلند راه را

بالآخر غنی زندگئی خویش را نثار بر فقر کرد۔ روزی اورنگ زیب عالمگیرسیف خان را نوشت که غنی شاعر بر جسته ای را به دربار دهلی بکشید۔ چون سیف خان همانطور کرد غنی قانع بود راضی نشد که به دهلی برود۔ بالآخره دیوانه وار در محبت فقر و در رضای الٰہی جامه را چاك كرد و

جان بخالق حقیقی سپرد و بنای فقر را قوی و محکم تر ساخت ؎

توتیای چشم مه جز پرتو خورشید نیست

ما بنور دوست می بینم حسن روی دوست

کتابیات

۱۔ دیوان غنی شایع کرده جموں و کشمیر اکادمی آف آرت ، کلچر اینڈ لینگویجز ، سرینگر ۔ سال اشاعت ۱۹۸۴ء

۲۔دیوان غنی مرتب از احمد کرمانی

۳۔ غنی کشمیری (حیات اور شاعری) از نیلوفر ناز نحوی طباعت ۲۰۰۲ء

۴۔ پارسی سرایان کشمیر از تیگو

۵۔ تاریخ حسن جلد سوم ، چہارم و ودوم از حسن کہویہامی

۶۔ غنی کشمیری احوال و آثار و سبک اشعار او از دکتر ریاض شیروانی

۷۔ دانش(مجله بخش فارسی دانشگاه کشمیر)سال اشاعت ۲۰۰۹ء

۸۔ کلیات اقبال از علامه اقبال

☆☆☆

غربت میں جاکے چمکے

عالم اعظمی، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ اردو، خواجہ معین الدین چشتی اردو عربی فارسی یونیورسٹی، لکھنؤ

تقسیم ملک ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش تینوں ممالک کے لئے ایک حادثۂ جانکاہ ثابت ہوئی۔ ہجرت کے سفر کی تھکن آج تک اعصاب پر سوار ہے۔ اعظم گڑھ کے کیسے کیسے گنج ہائے گراں مایہ ہجرت کی نذر ہو گئے۔ بہت سے اعظمی گمنامی کی گرد میں کھو گئے لیکن کچھ ایسے خوش نصیب بھی تھے جو آسمان علم وادب پر ہم دوش ثریا بن کر ضوفشاں ہوئے۔ سرزمین اعظم گڑھ نے جن گہر ریزوں اور جواہر پاروں کو کھویا ان میں حسین اعظمی ایک نمایاں حیثیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے بادلِ ناخواستہ اس ذہنی کرب کے ساتھ پاکستان کو ہجرت کی کہ نگاہ ہندوستان کی طرف تھی اور قدم سفر کی طرف۔ حسین اعظمی ایک شاعرانہ شخصیت لے کر پیدا ہوئے تھے۔ آپ لیلائے فن کے کاکل پیچاں کے ایسے اسیر ہوئے کہ زلیخائے جاہ ومنصب آپ کی ایک نگہِ التفات کو ترس کر رہ گئی۔ یہ بات آپ کی بے نیازی اور قلندر صفاتی پر ہی محمول کی جاسکتی ہے کہ آپ کی گوشہ گیری اور عزلت نشینی کے سبب آپ کی فکر فلک رس اور تخیل عرش نشیمن تک ناقدین کی نگاہ حصیر نہیں پہنچ سکی لیکن اب اسے کیا کہئے کہ آشفتہ حالی اہل کمال کا مقدر ہے۔ ذوقؔ دہلوی نے کتنی سچی اور درد انگیز تصویر کھینچی ہے:

یوں پھریں اہلِ کمال آشفتہ حال افسوس ہے
اے کمال افسوس ہے تجھ پر کمال افسوس ہے

ذوقؔ سے پہلے میرؔ نے پریشانی میں اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا:

جب سے جہاں ہے تب سے خرابی یہی ہے میرؔ
تم دیکھ کر زمانے کو حیران کیا رہے

میرؔ سے بہت پہلے حافظؔ شیرازی نے کہا تھا:

اسپ تازی شدہ مجروح بزیر پالاں
طوقِ زریں ہمہ درگردنِ خرمی بینم

اور تقریباً یہی کچھ حسین اعظمی کے ساتھ بھی ہوا۔ تاہم جہاں تک قدردانی فن کا تعلق ہے حسین اعظمی کے تئیں ناقدین ادب کا رویہ حوصلہ افزا نہیں تو بہت تشویشناک بھی نہیں رہا اور اس کامل فن پر چند جوہر شناسوں کی نگاہیں پڑ ہی گئیں۔ حسین اعظمی پر جن ارباب نقد ونظر نے تنقید وتجزیہ کے جواہر پارے زیب قرطاس کیے ان میں روزنامہ ''جنگ'' اور روزنامہ 'حریت' کے فاضل تبصرہ نگاروں کے علاوہ معروف نقاد احسن فاروقی اور شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ ان تجزیہ نگاروں کی پرمغز اور گراں قدر آراء حسین اعظمی کے شعری مقام ومرتبہ پر مہر تصدیق ثبت کرنے کے لئے کافی ہیں۔ یہ تبصرے ان کے مرثیوں کے مجموعے 'حرف حق' پر کیے گئے ہیں۔ اپنے شعری مسلک اور ادبی مکتب فکر کی وضاحت کے طور پر حسین اعظمی نے مجموعہ کلام کے سرورق پر چار مصرعے درج کیے ہیں جو نہ صرف یہ کہ پوری کتاب کو پڑھنے کی دعوت ہیں بلکہ دورانِ مطالعہ اکثر وبیشتر مواقع پر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان کا پورا کلام ان چار مصرعوں کی تفسیر ہے یا یوں کہہ لیجئے کہ سرورق پر درج چار مصرعے دعویٰ کی حیثیت رکھتے ہیں اور پوری کتاب اس دعوے کی

دلیل سے عبارت ہے۔وہ مصرعے ہدیۂ ناظرین ہیں:

ہزار دولتِ دنیا بھی ہو تو کم مجھ کو
ملا ہے صورتِ دل ایک جام جم مجھ کو
کسی کو منصب و کرسی کسی کو طبل و علم
خوشا نصیب کہ بخشا گیا قلم مجھ کو

حسین اعظمی کے مجموعۂ کلام 'حرف حق' پر تبصرہ کرتے ہوئے روز نامہ 'جنگ' لکھتا ہے:

''حرف حق''ایک جدید مرثیہ ہے جس کا چہرہ دعائیہ ہونے کے ساتھ ساتھ عہد حاضر کے بےعمل اور گم گشتۂ منزل معاشرے پر بھرپور طنز ہے۔آج بھی انسان حق کا متلاشی ہے اور باطل آج بھی انسانیت اور صداقت کی بیخ کنی پر کمر بستہ ۔ان بڑھتے ہوئے طوفانوں اور پھیلتے ہوئے اندھیروں میں آج بھی روشنی کا حصول کیونکر ممکن ہے، یہ وقت کا اہم سوال ہے۔ جناب حسین اعظمی نے وقت کے ان اہم تقاضوں پر اپنے جذبات ومحسوسات کو اس طرح منظوم کیا ہے کہ ان کے یہ اشعار بیسویں صدی عیسوی کے اس عہد سامراجیت کے لئے ایک انقلابی پیغام بن گئے ہیں۔''

(حرف حق،حسین اعظمی ص:6)

روز نامہ 'ڈان' لکھتا ہے:

''......لطیف اور دل پذیر انداز بیان کے ذریعہ قاری کی توجہ اس جانب مبذول کرائی گئی ہے کہ موجودہ دور کی برائیاں بلا روک ٹوک اس لئے پھل پھول رہی ہیں کہ ہم اس ابدی صداقت کا ادراک کرنے سے قاصر رہے جسے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے نے اپنی عظیم قربانی کے ذریعہ ہم تک پہنچایا ہے......''

(حرف حق،ص:7)

روز نامہ 'حریت' لکھتا ہے:

''......حسین اعظمی کا یہ مرثیہ 'حرف حق' اس اعتبار سے توجہ کا مستحق ہے کہ انہوں نے اس مرثیے کے ذریعہ موجودہ دور کی استحصال پسند ذہنیت کی نقاب کشائی کی اور بتایا کہ امام حسین نے باطل قوتوں کے خلاف جہاد کیا تھا اور حق کی حفاظت کے لئے اپنی جان بھی نچھاور کرنے سے دریغ نہیں کیا تھا آج بھی اسوۂ حسین پر عمل کرتے ہوئے تمام باطل پسند قوتوں اور استحصال پسند طاقتوں کی سرکوبی کی جا سکتی ہے۔یہی اس مرثیے کے مصنف کا اپنے پڑھنے والوں کے نام پیغام ہے......''

(حرف حق،ص:8)

ڈاکٹر احسن فاروقی معروف نقاد ہیں۔ان کے تنقیدی معیار پر کم ہی خوش نصیب ہیں جو پورے اترتے ہیں۔یہ عیب جوئی اور موشگافی کے لئے مشہور ہیں لیکن حسین اعظمی کی لیلائے فن نے انہیں بھی رام کر رکھا ہے، چنانچہ فرماتے ہیں:

''اس وقت ہمارے ملک میں ان ریاکاروں کا شور وغوغا بلند ہے جو اسلام کے نام پر کفر برت رہے ہیں۔ایسے لوگ شروع ہی سے موجود تھے اور جنہوں نے دل سے اسلام قبول نہیں کیا تھا۔وہ اسلام کی بیخ کنی کرنے اور دین کو مسخ کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔آج بھی اس مکتب فکر کے لوگ

اسلام کالبادہ اوڑھ کرمسلمانوں کوگمراہ کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ایسے علمائے سوکے بارے میں اعظمی صاحب کہتے ہیں:

وہی اسلام سے نفرت ہے وہی بیزاری
دیں میں تحریف کی کوشش ہے ابھی تک جاری
سر ہے سجدوں میں مگر دل میں بتوں سے یاری
بت پرستوں نے نہیں آج بھی ہمت ہاری
آستینوں میں نہیں دل میں لئے بیٹھے ہیں
کتنے بہت خانے یہ محمل میں لئے بیٹھے ہیں

احسن فاروقی نے جناب اعظمی کومرثیوں کے وسیلے سے گندم نماجوفروشوں اورمسلم نماشیطانوں کی پول کھولنے والا بتایا ہے۔

شاعرانقلاب جوش ملیح آبادبھی جناب اعظمی کی بارگاہ میں آکرمطیع ہوجاتے ہیں۔ان کوبھی حسین اعظمی کی شاعری میں وہی جوش وخروش اورگھن گرج نظرآتی ہے جوخودان کی شاعری کاطرۂ امتیاز ہے۔

جناب جوش ملیح آبادفرماتے ہیں:

''حسین اعظمی صاحب کامرثیہ'حرف حق'جابجادیکھااوراس خیال سے بڑی خوشی ہوئی کہ وہ محبان حسین کوان کی تقلیدکی جانب پکاررہے ہیں...... حسینؑ کی شہادت پرجس قدرماتم کیاجائےکم ہےلیکن سوگواران حسین کویہ معلوم نہیں کہ حسین نے اپنی اورگھربھرکی جانیں صرف اس لئے نہیں گنوائی تھیں کہ فقط ان کے ماتم پرقناعت فرمائی جائے اورکسی کوان کی تقلیدکاخیال بھی نہ آئے۔حسین اعظمی صاحب کی بصارت نے یہ نکتہ پالیاہےاوروہ چاہتے ہیں کہ رونے والوں کے ہاتھ میں باطل شکن تلواردےدیں اورظاہرہے کہ یہ ایک عظیم اوربےکراں فریضہ ہے جس کووہ اداکررہے ہیں''۔

(حرف حق،ص:65)

حسین اعظمی نے ایسے دورمیں مرثیہ نگاری میں اپنی انفرادیت اورشناخت قائم کی جب اس صنف کاآفتاب عالم تاب لب بام آگیا ہے۔مرثیہ ایک شاندارماضی کی مالک صنف سخن ہے۔اردوکےدامن کوتمول عطاکرنےاوراس کوذخیرۂ الفاظ کی قابل رشک دولت عطاکرنےمیں جوکرداراس صنف نےاداکیا ہےوہ کسی اورصنف سخن کےحصہ میں نہیں آیالیکن فی زمانہ مرثیہ نگاری کمیت کےلحاظ سےتوتسلی بخش ہےتاہم کیفیت کےاعتبارسےتشویشناک صورت حال سے دوچارہےجبکہ غم شہادت آج بھی سینوں میں تازہ ہےاورہرسال نہایت پابندی اوراہتمام کےساتھ اس کی تجدیدبھی کی جاتی ہے۔مرثیےآج بھی لکھے جارہے ہیں لیکن فن روبہ زوال ہے۔کہاجاتاہےکہ بگڑاہواشاعرمرثیہ گوہوجاتاہے۔جب یہ صورت حال درپیش ہوتوفن قربان ہوجاتاہےاورمقصدیت ایک نعرہ یا پروپیگنڈہ ہوکررہ جاتی ہے۔ادب برائےادب کانظریہ خواہ کتناہی رومانی اورغیرحقیقی قراردیاجائےلیکن اس حقیقت سےانکارممکن نہیں کہ کوئی بھی ادب پہلے ادب ہےاوربعدکوکچھ اور۔ہاں اتناضرورہےکہ عمیق وپیچیدہ فکراگروجدان اورفن کےسائےمیں فروغ پاتی ہےتوعظیم ادب وجودمیں آتاہےورنہ عقیدت سے پُراورفن سےعاری مرثیہ صرف'روروکررومال بھگونے'اور'نامۂ اعمال دھونے'سےعبارت ہوکررہ جاتاہے۔اس صورت حال نےایسےطلباء کی بڑی تعدادکو مرثیے سےدورکردیاجومذہبی یامسلکی اعتبارسےمظلومین کربلاسےغیرمتعلق تھےاورجنہیں غم حسین سےزیادہ فن شعرعزیزتھالیکن حسین اعظمی کےمرثیے استثنائی حیثیت کےحامل ہیں۔انہیں واقعات کربلاکی علامت کےپردےمیں عصری مسائل کوخوش سلیقگی کےساتھ پیش کرنےکاہنرآتاہے۔ان کےمراثی

کی مقناطیسیت قاری کو اول تا آخر اپنی گرفت میں لئے رہتی ہے اور وہ بہ یک نشست کشش فن کے سبب پورے مجموعے کے مطالعے پر مجبور ہوتا ہے۔فن کی گرفت کے علاوہ قاری کو حسین اعظمی کے مراثی اس لئے بھی عزیز ہیں کہ وہ ان کے آئینے میں اپنے گرد وپیش کے مسائل کا عکس دیکھتا ہے۔مضمون کے آخر میں ناقدین ومبصرین کے دعوؤں کی دلیل کے طور پر حسین اعظمی کے ایک مرثیے کے مزید دو بند ہدیۂ ناظرین ہیں:

دیں کو بازیچۂ اطفال بنانے والو!
کفر سازی کی دکانوں کو سجانے والو!
انبیاء کو بھی خطا کار بتانے والو!
مجمع عام میں قرآن جلانے والو!
دل میں جو کچھ ہے تمہارے وہ کہو اور سنو!
بات جب کفر کی چھیڑی ہے تو لو اور سنو!

گر تمکن ہو تو پھر ظلم کا سہنا بھی ہے کفر
ظلم کے دھارے پہ مایوسی سے بہنا بھی ہے کفر
ظلم کے دور میں چپ سادھ کے رہنا بھی ہے کفر
ظلم کو کھل کے کبھی ظلم نہ کہنا بھی ہے کفر
ظلم تھک جاتا ہے مظلوم نہیں ہارتے ہیں
مرد ظالم کو سرِ دار بھی للکارتے ہیں

☆☆☆

''ہدایت المخلصین'' کا اجمالی تعارف

لطیف احمد سلمانی، ریسرچ اسکالر شعبۂ فارسی، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔

کشمیر کا خطۂ جنت عہد وسطی میں جن روحانی شخصیتوں کی دینی تبلیغ کی بدولت قلعہ اسلام اور ایران صغیر بن گیا تھا ان میں عالی مرتبت سادات کی اولیت مسلم ہے۔ جو خالصتاً اسلام کی ترویج واشاعت کا کام آگے بڑھانے کی غرض سے حضرت سید عبدالرحمٰن بلبل شاہ ترکستانیؒ اور حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانیؒ کی سربراہی میں وارد کشمیر ہوئے تھے اور جو عموماً وسط ایشیا یا ایران کے مختلف علاقوں سے چل کر یہاں آئے تھے۔لیکن چودھویں صدی عیسوی کے دوران اہل علم و ہنر پر مشتمل دو بڑے کاروان ساتھ لے کر یہاں آنے والے ان پیشرووں کے کارہائے نمایاں کا ذکر سن کر بعد کی تین صدیوں میں بھی یہاں باہر سے آنے والے ارباب علم و فضل کی نہ صرف یہ کہ خوب پذیرائی ہوتی رہی ہے بلکہ حضرت نورالدین کشمیریؒ اور حضرت شیخ حمزہ مخدوم کشمیریؒ سے براہ راست فیضان پانے کی غرض سے پیر پنچال کے اس پار سکونت پذیر لوگ اب دوسرے قسم کے مقاصد لیکر یہاں پہنچنے لگتے ہیں۔مثلاً شیخ اول کی خدمت میں کشتواڑ کے راجپوت خاندان کا زیا سنگ آ کر مشرف بہ اسلام ہوتا ہے اور زین الدین ولیؒ بن کر عیش مقام کے گردونواح کو ایمان و عرفان کا فیضان پہنچاتا ہے تاکہ جنوبی کشمیر کے دورافتادہ دیہات میں تازہ وارد اسلام کی ضیاء باریوں سے فیضیاب ہوسکیں۔اسی طرح کئی صدیوں بعد گجرات کے سادات علوی کے چشم و چراغ میر سید بابا حیدر تیلہ مولی اپنے آپ کو معاصر کشمیر کے آفتاب روحانیت حضرت شیخ حمزہؒ کشمیریؒ کی خدمت میں پہنچا کر اپنے ایمان و عرفان کو تقویت بہم پہنچاتے ہیں۔اور شمالی کشمیر کے دورافتادہ دیہات کو فیضان اسلامی پہنچانے کے لئے اپنے مرشد کی ہدایت پر لار پرگنہ تیلہ مولہ گاؤں میں بود و باش اختیار کرتے ہیں۔

گجرات کے علوی سادات کے گھر میں ۸۹۱ھ کے دوران ایک ایسا حسین اور سعادت مند بچہ متولد ہوا جس کے روشن آثار دیکھ کر اپنی خاندان کی روایت کو ملحوظ نظر رکھ کر اس کے مستقبل کے ساتھ اچھا توقع رکھکر اس کا نام حیدر رکھا گیا۔

سید بابا حیدر تیلہ مولیؒ نے ایک سو دس سال کی عمر پائی تھی (۱) اور اس عمر دراز کا بیشتر حصہ انہوں نے انتہائی فقر و استغنا میں گذارا تھا۔یہ طرز زندگی بابا حیدر نے اپنی رضامندی سے اختیار کیا تھا۔فقر و فاقہ میں شکوہ و شکایت نہ کرنے کی روش اختیار کرنے والے اس روحانی بزرگ نے ۹۹۹ھ کے ماہ محرم الحرام میں وفات پائی (۲)۔اور پرگنہ لار کے موضع تیلہ مولہ میں سپرد خاک کئے گئے۔

بابا حیدر تیلہ مولیؒ کی دستیاب شدہ کتاب ''ہدایت المخلصین'' تصوف و عرفان کے علاوہ حضرت مخدوم کے کشف و کرامات اور ان کے مریدوں سے متعلق کشمیر میں اکبری دور میں فارسی نثر کی ایک عمدہ تصنیف ہے۔حضرت مخدوم بابا حیدر کے مرشد کامل اور راہ سلوک میں ان کے پیشوا اور پیر طریقت تھے۔اگر چہ یہ کتاب راہ سلوک پر گامزن ہونے والے سالک کی راہنمائی کے لئے تحریر کی گئی ہے لیکن کتاب کا بیشتر حصہ حضرت مخدوم کے مقامات اور کرامات پر وقف کیا گیا ہے۔مصنف نے مذکورہ کتاب کو مندرجہ ذیل پانچ حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

باب اول: مبتدی کے اعمال کے بارے میں

باب دوم: مبتدی کے اشغال کے بارے میں

باب سیوم: مبتدی کے اذکار کے بارے میں

باب چہارم: نکاتِ تصوف کے بارے میں

باب پنجم: حضرت محبوب العالم اور ان کے مخلصین و مریدین کے حالات کے بارے میں(۳)۔

پہلے باب میں بابا حیدر تیلہ مولیٰؒ نے راہ سلوک میں نوآموز سالک کے اعمال کا جائزہ لیتے ہوئے لکھا ہے کہ جب سالک اپنے مرشد کی خدمت میں آجائے تو مرشد کے لئے لازمی ہے کہ وہ سالک کو نماز پنجگانہ با جماعت ادا کرنے کی تلقین کرے اور جب مبتدی کو اس کی عادت ہو جائے تو اسے ہمیشہ عبادت میں مشغول رہنے کی تعلیم دے بلکہ نماز فجر سے طلوع آفتاب تک مبتدی کو دنیاوی معاملات میں مشغول نہ رہنے کا درس دے اور یہ وقت وظائف واوراد میں گزارنے کا اسے درس دے۔مبتدی نماز اشراق سے چاشت تک ہر روز قرآن مجید کی تلاوت کرتا رہے۔زوال کے وقت اپنے مرشد کی صحبت میں جائے۔نماز ظہر سے عصر تک کسب معاش میں مشغول رہے لیکن یہ کسب معاش مذہبی قوانین کے تحت حلال ہو۔نماز عصر سے مغرب کی نماز تک کسی کے ساتھ دنیاوی معاملات میں مشغول نہ ہو بلکہ اپنے مرشد کے دئے ہوئے وظائف میں مصروف رہے۔مغرب سے عشاء تک وظائف اور نوافل ادا کرتا رہے۔اور نماز عشاء کے بعد اپنے پیران کا شجرہ پڑھے(۴)۔

ہدایت المخلصین کا دوسرا باب نوآموز سالک کے اشغال سے متعلق ہے۔اس باب میں شیخ حیدر سالک کو اپنے مرشد کے بتائے ہوئے شغل پر گامزن ہونے کی نصیحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ سالک کو رات کا کچھ حصہ شرعی مسائل اور احادیث کے مطالعے میں گزارنا چاہئے کچھ حصہ آرام میں اور اگر ہو سکے تو بیدار رہ کر چشم دل تجلی ذات حق کے لئے کھلی رکھے(۵)۔

بابا حیدر کے بقول مبتدی کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ صائم الدھر، قائم اللیل، اور تارک اللحم ہو۔کیونکہ جب سالک ان چیزوں کا پابند ہو اور وظائف واوراد، افکار واذکار میں ہمیشہ محو ہو تو یقیناً وہ عالم ارواح اور عالم ملکوت کے راز منکشف کر سکتا ہے۔سالک اپنے نفس امارہ کو پہچان کر ہی انسان یا آدمی ہے اور متذکرہ بالا اشغال کے انجام دینے سے انسان کی خودی محو ہو جاتی ہے۔لیکن وہ پھر بھی انسان مطلق نہیں کہلایا جا سکتا۔انسان کا وجود دراصل اس کی حقیقت ہے جو انسان کا وفات تک ساتھ نہیں چھوڑتا بلکہ جسم دراصل روح کے تابع ہے اور جس نے اتباع کیا اس نے حقیقت پائی(٦)۔

سالک کو بابا حیدر کے بقول غافل لوگوں اور عورتوں کی صحبت سے گریز کرنا چاہئے۔فتنہ انگیز اور آشوب آمیز لوگوں کے ملنے سے پرہیز اور اہل منصب سلاطین اور امراء جیسے دولت مند لوگوں کی صحبت سے اجتناب کرنا چاہئے۔اس طرح سے شغل ید، شغل زبان، شغل دل، شغل نفس، شغل چشم اور شغل گوش وغیرہ جیسے اشغال بھی اپنی اہمیت رکھتے ہیں(۷)۔

ہدایت المخلصین کا تیسرا باب اذکار کے بارے میں ہے اس باب میں بابا حیدرؒ سالک کو ذکر کے طریقوں سے واقف کراتے ہیں۔حضرت شیخ حمزہؒ نے جس ذکر کی اجازت خود بابا حیدرت کو دی تھی۔اس ذکر کی تلقین وہ اپنے مریدوں اور مخلصوں سے بھی کرتے ہیں وہ ذکر یہ ہے۔''**اللہ الحاضی اللہ المعشوق**''(۸) اس کے علاوہ اس باب میں بابا حیدرؒ سالک کو مراقبہ کے طریقے سے بھی آشنا کراتے ہوئے لکھتے ہیں کہ سالک کو مراقبے سے قبل غسل یا طہارت کرنا چاہئے اور اپنے دل میں یہ نیت رکھنی

چاہئے کہ فنائے وجود کی خاطر اپنے جسم کو صاف کرتا ہے۔ ممکن ہے کہ محبوب مطلق اس کے دل میں جلوہ گر ہو سکے (۹)۔ اس کے بعد بابا حیدرؒ سالک کو اس ذکر کی تلقین کرتے ہیں. **هو المطلوب هو المقصود**(۱۰)۔

جہاں تک ہدایت المخلصین کے چوتھے باب کا تعلق ہے۔ یہ پچھلے تین ابواب کے مقابلے میں مفصل تر ہے اور اس میں مصنف کے طریقت میں محبت، شوق، صلاح، تقویٰ اور تصوف کے بعض نصیحت آموز ورموز کو آشکارا کیا ہے اور ان اسرار ورموز میں کچھ تو ان کے پیر طریقت کے ارشادات پر مبنی ہیں۔

مصنف نے اس باب میں عشق مجازی کو عشق حقیقی کا زینہ تصور کرتے ہوئے لکھا ہے کہ درحقیقت محبت ایک ایسی خبر ہے جس سے کوئی شی خالی نہیں خواہ وہ مجازی رنگ میں ہو یا حقیقی صورت میں کیونکہ دنیا میں جو بھی شی قائم ہوگی وہ محبت کے بغیر نہیں ہو سکتی پس ہر ایک خبر جس میں محبت جیسی شئے ہوگی وہ شئے شئے مجازی ہوگی اور اس کی محبت مجاز پر قائم ہوگی (۱۱)۔ لیکن سالکوں کی محبت کا انحصار ان کی نیت پر ہوتا ہے۔ جیسے اس حدیث مبارک میں آیا ہے۔ ''**انما الاعمال بالنیات**'' 'لہٰذا عشق مجازی میں محض نیت پر انحصار ہوتا ہے۔ چنانچہ ''**المجاز قنطرہ الحقیقت**'' عشق بازی میں بے حد ہوشیاری کی ضرورت ہوتی ہے۔ جو اسے مجاز سے حقیقت کی طرف رہنمائی کر سکے ورنہ ضلالت کی دلدل میں فنا ہو جانے کا خطرہ ہے (۱۲)۔

سالک کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ اس میں معرفت کی حیثیت موجود ہو۔ معرفت دو طرح کا ہے معرفت نفس خود اور معرفت حق تعالیٰ لیکن ان دونوں میں معرفت نفس مقدم ہے کیونکہ جس شخص نے اپنے آپ کو نہیں پہچانا اس نے خدا کو بھی نہیں پہچانا چنانچہ **من عرف نفسه فقد عرف ربه** (۱۳)۔

ہدایت المخلصین کا پانچواں باب جو آخری باب ہیں۔ اس باب میں بابا حیدرؒ نے اپنے مرشد کامل حضرت مخدومؒ کے حالات اور ان کے کشف وکرامات درج کئے ہیں۔ اس کے علاوہ بابا حیدر نے اس باب میں اپنے پیر طریقت کے اہم خلفاء کے حالات اور راہ سلوک میں ان کے مشاغل اور بعض کی تصنیفات کا بھی ذکر کیا ہے۔ اس باب میں چونکہ مصنف نے کشمیر میں اپنے معاصر صوفیوں، عارفوں اور مجذوبوں کے احوال نہایت شرح وبسط کے ساتھ قلمبند کئے ہیں۔ اس لحاظ سے مذکورہ کتاب کا یہ باب اکبر کے عہد میں کشمیر کے بعض فارسی عالموں، فاضلوں اور ادیبوں کے احوال اور ان کی تصنیفات سے متعلق پہلے درجے کا مآخذ قرار پاتا ہے۔ اس تصنیف میں جن معاصر علماء، صوفیا، اور مشائخ کا تذکرہ ملتا ہے۔ ان میں زین علی (۱۴) بابا داؤد خاکی (۱۵)، مولی شیخ احمد چاگلی (۱۶)، خواجہ حسن قاری (۱۷)، خواجہ اسحٰق قاری (۱۸)، مولانا جوہر نانت (۱۹)، بابا علی رینہ (۲۰)، زین علی مانتچو (۲۱) و، خواجہ میرم بزاز (۲۲) قابل ذکر ہے۔

میری رائے میں اس کتاب کا مطالعہ نہ صرف خاص راہ طریقت شخص کے لئے مفید ہوگا بلکہ ہر عام انسان کے لئے نہایت فائدہ بخش ہوگا۔

حوالہ جات

۱۔ ہدایت المخلصین از بابا حیدرؒ برگ ۱۲٦م الف مخطوط کتب خانہ جموں و کشمیر محکمہ تحقیق واشاعت سری نگر زیر شمارہ ۴۹۷

۲۔ ایضاً برگ ۲۳۳م الف ۳۔ ایضاً برگ ۲م الف ۴۔ ایضاً برگ ۳م الف

۵۔ ایضاً برگ ۵م الف ٦۔ ایضاً برگ ۵م الف ۷۔ ایضاً برگ ٦م الف

۸۔ ایضاً برگ ۷م الف ۹۔ ایضاً برگ ۱۰م الف ۱۰۔ ایضاً برگ ۱۲م الف ۱۱۔ ایضاً برگ ۱۳م الف

۱۲۔ ایضاً برگ ۱۴م الف ۱۳۔ ایضاً برگ ۳۲م الف

۱۴۔ ایضاً برگ ۱۹۱م الف ۱۵۔ ایضاً برگ ۸۴۔۱۹۹م الف ۱٦۔ ایضاً برگ ۱۰٦م الف ۱۷۔ ایضاً برگ ۱۱۲م الف

۱۸۔ ایضاً برگ ۱۵۴م الف ۱۹۔ ایضاً برگ ۱۴۵م الف

۲۰۔ ایضاً برگ ۱۲٦م الف ۲۱۔ ایضاً برگ ۱۱۸۔۱۹۹م الف ۲۲۔ ایضاً برگ ۱۷م الف

☆☆☆

ملا بہاؤالدین متو

شفیق احمد ولد محمد صابر، شعبہ فارسی، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

یہ بات تو روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ سرزمین کشمیر زمانہ قدیم سے ہی شعراء، علماء، عرفاء، فقراء کا گہوارہ ہے اور ایسے نامور اشخاص کو جنم دیا جنھوں نے نہ صرف سرزمین کشمیر کو منور کیا بلکہ پوری دنیا میں مشہور ہو گے۔ سرزمین کشمیر کو صوفیاء کرام کی زمین کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ سرزمین کشمیر ۱۴۲۱۰۰۰ اولیاء کرام کی ابدی خواب گاہ بنی ہوئی ہے۔ یہ سرزمین ادبی لحاظ سے درخشندہ ستارہ کی مانند آسمان ادب پر چمک رہی ہے۔ ادب پروری میں دورہ چکان، افغان اور مغولان نے کوئی بھی کثر باقی نہیں چھوڑی۔ سیاحی اعتبار سے کشمیر دنیا میں سرفہرست ہے، معرف مغل بادشاہ جہانگیر ،کشمیر کی سیاحت کے بارے میں رقم طراز ہیں:

گر فردوس بروی زمین است
ہمیں است و ہمیں است وہمیں است

بقول معروف فارسی شاعر عرفی شیرازی:

ہر سوختہ جانی کہ بہ کشمیر در آید
اگر مرغ کباب است بہال و پر آید

سکھ دور میں بھی فارسی زبان وادب کی ترویج وترقی کی طرف توجہ دی گئی، جب ملا بہاؤالدین متو نے دنیا میں آنکھ کھولی اس وقت کشمیر میں افغانوں کا دوردورہ تھا جو فارسی شعروادب کے ساتھ بہت شغف رکھتے تھے۔ اور جب ملا بہاؤالدین متو نے فارسی زبان وادب کی دنیا میں قدم رکھا تو سرزمین کشمیر میں سکھ برسراقتدار تھے۔ اگر چہ یہ حکمران فارسی زبان وادب کی طرف اس قدر متوجہ نہیں تھے پھر بھی اس دور میں بہت سے شعراء وادباء نے نام پیدا کیا جن میں ملا بہاؤالدین متو بھی سرفہرست ہیں۔

ملا بہاؤالدین متو، ۱۰۸۱ھ بمطابق ۱۶۷۱ء میں سرینگر کے ایک محلّہ پتوان معروف جامع مسجد کے نزدیک نوہٹہ میں پیدا ہوئے، ان کے والد محترم نوراللہ متو ہیں۔ یادرہے متو ان کے قبیلہ کا نام ہے اور یہ قبیلہ کشمیر میں بہت قدیم اور مشہور قبیلہ ہے۔ معروف عبدالحق، نصراللہ، مفتی آیت اللہ، مولوی محمد انور اسی قبیلے سے تعلق رکھتے تھے۔ صاحب فتوحات قادریہ لکھتے ہیں۔' ملا بہاؤالدین متو نے حضور عبدالرسول مدادفروش، حضرت شاہ تارفروش، عنایت اللہ کبروی، عبدل غنی لنکر، خواج؟ مقیم، شیخ اکبرآبادی اور ملا غلام محمد بلخی سے تعلیم ومدارج سلوک طی کیئے۔ ملا بہاؤالدین متو نے دینی تعلیم اور تفسیر شیخ عنایت اللہ کبروی کے گھر میں ہی رہ کر حاصل کی۔ یہ ریاضت وعبادت میں دلچسپی رکھتے تھے اور عجیب سوز وگداز کے مالک تھے۔ ان کے علاوہ عبدالغنی لنکر سے بھی ارادت تھی، مثنوی ریشی نامہ میں اپنے مرشد کے باقرے میں یوں رقم طراز ہیں:

بہر پیر یک دستگیر من است
شیخ عبد الغنی پیر من است

بہر آن مر شد خدا آگاہ
آن کہ نشد از رہ عنایت شاہ

صاحب فتوحات قادریہ نے ملا بہاؤالدین متو کے نام کے ساتھ لفظ آخوند لکھا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ ملا بہاؤالدین متو آخوند موصوف درس و تدریس اور واعظ تھا۔ بلآخر ملا بہاؤالدین متو نے سن ۱۲۴۸ھ بمطابق ۱۸۳۲ء میں وفات پائی اور اس امر سے صاحب فتوحات قادریہ، میر حسن منطقی، مولف تحائیف الابرار، حاجی محی الدین مسکین متفق ہیں۔ ملا بہاؤالدین متو کا شمار کشمیر کے بڑے بڑے شعراء میں ہوتا ہے، ذکر الصادقین اور خمسہ بہائیہ کا شمار ملا بہاؤالدین متو کے آثار میں ہوتا ہے جن کی تفصیل ذیل میں درج ہے:

۱۔ ذکرالصادقین:۔

یہ اولیاء کرام کا منظوم تذکرہ ہے جس میں ملا بہاؤالدین متو نے صوفیاء کرام کا تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ یہ منظوم تذکرہ فارسی زبان وادب کا بہترین سرمایہ ہے جو عرفانی مطالب سے پر ہے۔ اس کی زبان عام فہم اور آسان ہے۔

۲۔ خمسہ بہائیہ:۔

اس میں ملا بہاؤالدین متو کی پانچ مثنویاں درج ہیں جو شاعر نے نظامی گنجوی کی پیروی میں لکھی ہیں۔ اس میں پہلی مثنوی 'ریشی نامہ، ہے اور اس کے بعد مثنوی 'سلطانیہ'، 'غوثیہ'، نقشبندیہ'، اور 'چشتیہ' یک بعد دیگر رشتہ تحریر میں لائیں گئین جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

۳۔ ریشی نامہ:۔

ملا بہاؤالدین متو نے اس مثنوی میں شیخ نورالدین ریشیؒ کے احوال نظم کیئے ہیں اور یہ مثنوی چار ہزار اشعار پر مشتمل ہے۔ مثنوی کا آغاز اس شعر سے ہوتا ہے:

ای جہان مظہر صفات را
وی صفاتت شیون ذات را

اس منظومہ شاہکار کا آخری شعر ملاحظہ ہو:

ختم شد نامہ خامہ ماند از سر
روز قم ختم خاتمہ با لخیر

(۲)۔ سلطانیہ:۔

مثنوی سلطانیہ میں سلطان العارفین محبوب العالم حضرت شیخ مخدوم حمزہؒ کے احوال قلم بند کیئے ہیں یہ مثنوی تین ہزار اشعار پر مشتمل ہے۔ اس کی ابتدا اس شعر سے ہوتی ہے:

پر کش ای مر غ خو ش تر
یک نوای خوش از فسانہ عشق

اختتام اس شعر سے ہوتا ہے

باردا ز ذکر نیک مردان نور
قاری و سامعش شود مغفور

(۴)۔غوثیہ:۔

مثنوی غوثیہ میں غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے احوال و واقعات و کمالات اور کرامات نظم کیئے گے ہیں۔مثنوی غوثیہ میں ایک ہزار پانچ سو)۱۵۰۰(اشعار ہیں آغاز کا شعر ملاحظہ ہو:

ایب بہادفتر دگر سر کن
روسوی طبلہ از فر کن

خاتمہ کا شعر ملاحظہ ہو:

کارم از دست رفت و دست از کار
شد بیرون اختیار یا غوث

(۵)۔نقشبندیہ:۔

اس مثنوی کا سال تصنیف ۱۲۶۲ھ ہے۔اس مثنوی میں حضرت یوسف نقشبندی سے لیکر حضرت خواجہ عنایت اللہ نقشبندی تک کے احوال درج کیئے گے ہیں آغاز من رقم طراز ہیں:۔

می زنم سر باوج نہ طارم
کہ کنم سر بدفتر چارم

آخر میں رقم طراز ہیں:

سال اتمام این درسخنم
ہاتفی گفت ختم نامہ کنم

(۶)۔چشتیہ:۔

مثنوی چشتیہ میں ملا بہاؤالدین متو نے سلسلہ چشتیہ کے احوال و کرامات کی تشریح کی ہے۔اس مثنوی میں خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ سے حضرت ہاشمؒ اور باقی اس سلسلہ کے اولیا ئکرام کا تذکرہ کیا ہے۔اس مثنوی کا آغاز درج ذیل شعر سے ہوتا ہے:

خامہ ام سر بہ سفر پنجم زد
رخت بر مہر ماہ و انجم زد

اس مثنوی کا اختتام ہی نہیں بلکہ خمسہ بہائیہ کا خاتمہ بھی اسی شعر سے ہوتا ہے اس شعر سے یہ معلوم ہوتا ہے شاعر محبوب کی یاد میں مست ہے اب وہ باقی امور سے فارغ نظر آتے ہیں شعر ذیل میں درج ہے:

بیادت درلحد خوابیدہ بودم
قیامت شدمرا بیدار کردن

الغرض ملا بہاؤالدین متو نے تمام اصناف سخن میں طبع آزمائی کی ہے اور ہر صنف سخن میں شہرت پائی۔ جب مثنوی نگاری کو اپنا عنوان کلام قرار دیا تو اس میں خاصی شہرت پائی اور مثنوی نگاری کو اعلیٰ درجے تک پہنچایا۔ ملا بہاؤالدین متانے خمسۂ بہائیہ میں نظامی گنجوی کی پیروی کی اور اپنے خمسہ کو خمسۂ بہائیہ کا نام دیا۔

کتابیات

نمبرشمار	کتاب	مصنف
۱۔	خمسہ بہائی	ملا بہاؤالدین متو
۲۔	ریشی نام	ملا بہاؤالدین متو
۳۔	غوثی؟	ملا بہاؤالدین متو
۴۔	نقشبندی	ملا بہاؤالدین متو
۵۔	سلطانی	ملا بہاؤالدین متو
۶۔	چشتی؟	ملا بہاؤالدین متو
۷۔	ذکرصادقین	ملا بہاؤالدین متو
۸۔	تذکرہ شعرای کشمیر	حسام الدین راشدی
۹۔	کیشر	جی۔ایم۔ڈی۔صوفی
۱۰۔	کشمیر میں فارسی ادب کی تاریخ	عبدالقادر سراری
۱۱۔	تاریخ حسن	پیرغلام حسن کھویامی
۱۲۔	واقعات کشمیر	خواجہ محمد اعظم دیدمری

☆☆☆

عہد مغلیہ کے تین سلاطین بہادر شاہ اول، محمد شاہ اور احمد شاہ کے درباری شعرا

تبسّم رفیع، ریسرچ اسکالر، شعبۂ فارسی، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

بہادر شاہ اوّل (۱۷۰۷ء سے ۱۷۱۲ء)

اورنگ زیب عالمگیر کے معظم، اعظم اور کام بخش تین بیٹے تھے۱ اورنگ زیب ایک دور اندیش انسان تھا اور ایک لائق جانشین کا خواہش مند تھا اسی لئے وہ اپنے بیٹوں کو نہ صرف میدان جنگ میں فنون سپاہ گری، آداب حکمرانی و رموز حکمرانی کی تعلیم دیتا بلکہ قلعہ معلیٰ کے اندر لکھنے پڑھنے کی تعلیم و تربیت دلاتا تھا اور ان کو طرز معاشرت کے آداب خود سکھاتا تھا یہ اس کی ہی کوشش کا نتیجہ تھا کہ معظم شاہ نے ایاّم طفلی میں ہی حفظِ کلام اللہ کی سعادت حاصل کر لی تھی۔ فقہ، تفسیر و سلوک کی کتابوں کا گہرا مطالعہ کرتا تھا اور عربی زبان میں عربی اور فارسی اور ترکی زبانوں میں اہل زبان کا ''ہم پلّہ'' تھا۔ وہ نہ صرف فن خوشنویسی میں ماہر تھا بلکہ اس کو مختلف قسم کے خطوط میں کمال حاصل تھا اورنگ زیب کے انتقال کے بعد سلطنت ہند کا تاج محمد معظم شاہ کو حاصل ہوا اس نے شاہ عالم بہادر شاہ اپنا خطاب اختیار کیا۔۲

بہادر شاہ محمد معظم بن اورنگ زیب عالمگیر کی پیدائش ۱۰۵۳ھ میں ہوئی۳۔ بہادر شاہ اپنی بہت سی کمزوریوں اور اپنی حد سے بڑھی ہوئی صلح پسندی، نرم دلی، مروّت، فیاضی اور سیاست کی ناسمجھی کے باوجود قابلِ ترجیح تھا۔ آپ نے علم و فضل کے لحاظ سے تمام سلاطین تیموریہ میں ممتاز تھا۔ مگر عالمگیر کے بعد اس سلطنت کے بادشاہ میں جن دوسری صفات کی ضروریات تھی وہ صفات اس میں مفقود تھیں اس نے چار پانچ سال کے مختصر سے زمانۂ حکومت میں اپنی کمزوریوں سے ایسے اسباب پیدا کر دیئے جن کی بدولت اس کی وفات کے ہوتے ہی سلطنت کا شیرازہ بکھر گیا۔

شاہ عالمی عہد کے اختصار کے سبب سے دربار میں وہ فضا قائم نہ ہو سکی جو اس کے اسلاف کے زمانے میں تھی۔ بعض تذکرہ نگاروں نے معظم کا ذکر شاعر کی حیثیت سے کیا ہے اور بعض رباعیاں بھی اس کی طرف منسوب کی جاتی ہیں:

اعلیٰ تر از آنی کہ علی خوانندت والا تر از آنی کہ ولی دانندت

برھستی خود گواہ می خواست خدا بی مثل بیا فرید و بی مانندت ۴

مگر اس کا دربار علم و ہنر کی تابانی اور شعروشاعری کی زمزمہ سنجی سے خالی رہا۔ گذشتہ عہد میں ایران سے علم و ادب کا جو سر چشمہ پھوٹا تھا وہ یکا یک خشک ہو گیا بلند پایہ شعراء اور قابلِ قدر فضلاء ناپید ہو گئے۔ قابلِ ذکر شعراء میں صرف عبدالقادر بیدلؔ اور نعمت خاں عالیؔ رہ گئے۔ مرزا بیدلؔ دربار کی قصیدہ خوانی کرنا ننگ و عار سمجھتے تھے۔ شہزادہ معظم نے ایک بار قصیدہ کہنے کی فرمائش کی تو وہ دل برداشتہ ہو کر ملازمت سے کنارہ کش ہو گئے۔ اور باقی عمر فقر و توکّل میں بسر کی۔ نعمت خاں عالیؔ کو بہادر شاہ نے اپنے زمانے میں دانش مند خاں کے خطاب سے سرفراز کیا دانشمند خاں اس عہد کی منظوم تاریخ بہادر شاہ نامہ لکھ رہا تھا کہ اچانک اس کی وفات ہو گئی۔ اس میں بہادر شاہ کے صرف ابتدائی دو سال کے حالات کا ذکر ہے۔۵

مرزا مبارکؔ اللہ، مرزا سیدؔ حسین، قزلباش خاں امیدؔ، عبدالقادر بیدلؔ، نعمت خاں عالیؔ اس کے دربار کے نامور شعراء ہیں۔

خلاصہ یہ کہ بہادر شاہ نے چار سال حکومت کی ۶ اور اپنی زندگی کے آخری چند مہینے لاہور میں گزار کر ۲۰ محرم الحرام ۱۱۲۴ھ/ ۲۷ فروری

۱۷۱۲ء میں لاہور میں ہی وفات پائی۔اس کی وفات ہوتے ہی چاروں بیٹوں سلطان معزالدین مخاطب بہ جہاندارشاہ،وسلطان عظیم ملقب بہ عظیم الشان، سلطان رفیع القدر مشہور بہ رفیع الشان،سلطان اکبر ملقب بہ جہان شاہ میں تخت نشینی کے لئے جنگ ہوئی۔ے معظم شاہ کے سب سے بڑے بیٹے نے ذوالفقار خاں کی مدد سے اپنے بھائیوں کوشکست دیکر انہیں موت کے گھاٹ اُتار دیا اور خود جہاندار شاہ کا لقب اختیار کر کے شاہی تخت پر بیٹھا۔وہ محض ایک سال ہی حکومت کر سکا۔اس کے بعد اس کا چچازاد بھائی اعظم کا بیٹا فرخ سیر تخت نشین ہوا لیکن اس کی مدّتِ حکومت بھی بہت مختصر رہی۔صرف چھ سال ہی میں ۱۷۱۳ء سے ۱۷۱۹ء تک حکمرانی کر سکا۔۸

محمد شاہ (۱۷۱۹ء سے ۱۷۴۸ء)

محمد شاہ بن جہاں شاہ بن بہادر شاہ بروز جمعہ ۲۴ ربیع الاوّل ۱۱۱۴ھ (۱۸راگست ۱۷۰۲ء) کو پیدا ہوا۔ ۹

عبداللہ خاں اور اس کا بھائی حسین علی تاریخ ہند میں بادشاہ گر کے نام سے مشہور ہوئے ان کا باپ اورنگ زیب کے دربار میں ایک منصب دار تھا۔دونوں برادر نے اپنی لیاقت سے اعلیٰ مراتب پائے۔۱۷۱۲ء میں بڑا بھائی عبداللہ خاں الہٰ آباد کا گورنر تھا اور حسین علی بہار کا۔مغل امراء پر ان کا بہت گہرا رسوخ تھا۔انھوں نے جہاندار شاہ کے خلاف ایک سازش کی اور اعظم کے بیٹے فرخ سیر کی تخت نشینی کا اعلان پٹنہ میں کر دیا اس کے بعد وہ آگرہ پر حملہ آور ہوئے اور اس پر قبضہ کرنے کے بعد دہلی پر بھی قابض ہو گئے۔فرخ سیر ان کے لئے وہ سب کرتا تھا جو کہ وہ چاہتے تھے یعنی وہ ان کے ہاتھوں میں ایک کٹھ پتلی تھا سید برادران سے پریشان ہوکر اس نے ان کو مارڈالنے کی سازش کی لیکن سید برادران بہت چالاک تھے انہوں نے ۱۷۱۹ء میں فرخ سیر کو قتل کر دیا اور اس کی جگہ رفیع الدرجات اور رفیع الدولہ کو تخت نشین کیا۔اور ۱۷۱۹ء میں بہادر شاہ کے پوتے محمد شاہ کو تخت پر بٹھایا۔ ۱۰

محمد شاہ کو نوجوانی سے ہی حکومت میں کوئی دلچسپی نہیں تھی وہ بیہودہ قسم کے مصاحبوں میں گھرا رہتا تھا اور اپنے وقت کو زیادہ تر فضول کاموں میں گزارتا تھا۔حکومت کے تمام کاموں کو اپنے وزیر قمرالدین خاں بن محمد امین خان پر چھوڑ دیے تھے۔ ۱۱

اگر چہ محمد شاہ اپنے پیشرؤں کی طرح نکمّا اور بُزدل ہونے کے باوجود وہ سید برادران کا عہد ختم کرنے میں کامیاب رہا۔سید حسین علی کو قتل اور سید عبداللہ کو قید کروادیا تھا لیکن نادر شاہ (۳۸۔۱۷۳۹ء) کا حملہ اس کے عہد کا اہم ترین واقعہ ہے جب اس نے دہلی کو تباہ و برباد کیا مغلوں کے قیمتی خزانے لوٹے اور مملکت کو بے جان کر کے رکھ دیا تھا۔۱۲

دہلی کی تباہی اور بربادی کا ذمہ دار صرف محمد شاہ ہی نہ تھا بلکہ اس وقت کے بڑے بڑے امراء و وزراء بھی اس تباہی و بربادی کے ذمہ دار تھے۔اس تباہی کے اثرات پوری دہلی سلطنت پر اثر انداز ہوئے اور اس کے بعد جو نظام قائم ہوا اس نے علیحدگی پسندگی کے خیالات کی حمایت کی جو مغلیہ سلطنت کے زوال اور بہت سے خود مختار صوبوں کے قیام پر اثر انداز ہوئے۔کشمیر بھی ان صوبوں میں سے ایک ہے۔۱۳

محمد شاہی عہد میں سیدوں کے قتل کے بعد خانہ جنگی کی کمی اگر چہ ضرور رہی مگر اس عرصہ میں وہ ساز وسامان آہستہ آہستہ جمع ہونا شروع ہو گیا جو ایک بڑی سلطنت کو تباہ و برباد کرنے کے لئے ضروری ہیں دربار میں اکبری شان وشوکت کی بجائے شیشہ و پیمانہ کی بدمستی تھی۔شاہجہانی شان وشوکت کی جگہ حسرت و یاس نے لے لی۔عالمگیری حشمت و جاہ کی جگہ بے کسی اور بے بسی کا عبرت ناک منظر تھا اور بادشاہِ وقت اپنے درباریوں کے اشارہ پر چل رہا تھا خود غرض امراء تھے جو اپنی نیتوں میں پاکیزگی اور یکجہتی نہیں رکھتے تھے اور رہی سہی قوّت نادر خاں کی جنگ اور مرہٹوں کے حملہ کے سبب تیموری بادشاہوں کی عظیم الشان سلطنت کی بنیاد ختم ہونے کو تھی۔سرسبز وشاداب گلشن ہمیشہ کے لئے ویران ہو رہا تھا۔ایک شاندار تہذیب وتمدن کا شیرازہ

بکھرنے کو تھا۔۱۴

سلطنت کی شان وشوکت کے ساتھ ساتھ مغل بادشاہ اپنی زبان بھی کھو بیٹھے۔ فارسی زبان کی بجائے دربار اور عوام الناس میں ہندوستانی زبان کا اثر ہورہا تھا۔ جب حکمراں قوم کے ہاتھ سے سلطنت کی شان وشوکت اور باگ ڈور کے خاتمہ کے ساتھ زبان بھی زوال پذیر ہورہی تھی خود محمد شاہ نے فارسی زبان کے بجائے ہندوستانی زبان کو اپنایا نہ صرف نثری تصانیف ''بارہ ماسہ اور بگٹٹ کہانی''، لکھیں بلکہ اس زبان میں طبع آزمائی بھی کی:۔

پیری میں نہ کس طرح کروں سیر جہاں کی — دن ڈھلتے ہی ہوتاہے تماشہ گزری کا
کھول کر بند قبا دل کے تئیں غارت کے — کیا حصار قلب دلبر نے کھلے بندوں لیا
خوف سے مار کے یاراں اسے لرزاں نہ کرو — زلف کا نام نہ لو اور پریشان نہ کرو ۱۵

اوپر دیے ہوئے اشعار کی زبان بہت زیادہ صاف ہے، یہ وہ زمانہ ہے جب ہندوستانی زبان اپنے آبائی وطن دکن سے شاہجہاں آباد آ گئی اور اس زبان کا مشہور شاعر ولی دکنی دہلی آئے اور ان کی شاعری کی شہرت ہر طرف ہوئی محفلوں میں بھی ارباب نشاط ان کی غزلیں گاتے، سنتے اور سر دھنتے تھے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فارسی کے کہنہ مشق استادوں نے بھی اسی زبان ریختہ میں طبع آزمائی شروع کر دی جیسا کہ قزلباش خاں امید، میر عبدالقادر بیدل، سراج الدین علی خاں آرزو، مرزا علی قلی خاں ندیم اور مرزا مرتضی قلی فراق جیسے باکمال فارسی شعراء نے بھی ریختہ میں شعر موزوں کیے۔ صرف یہی نہیں بلکہ چند دنوں میں ہی درباروں

، مجلسوں اور بازاروں میں بھی فیضی، عرفی، نظیری، طالب، قدسی، صائب، کلیم کی جگہ سودا، میر درد، اثر، ذوق، مومن، اور مرزا غالب کی زمزمہ سنجیاں فردوسِ گوش ہونے لگیں، شعراء اپنی تمام جولانیاں ہندوستانی زبان میں دکھانے لگے ''شراب وہی تھی صرف شیشہ وساغر بدل گئے تھے''۔ شعراء وہی تھے صرف زبان بدل گئی تھی یعنی فارسی کی جگہ ہندوستانی زبان میں شعر گوئی شروع ہو گئی تھی۔۱۶

لیکن اس کے باوجود ہم محمد شاہ کے زمانہ کو اس لحاظ سے بھی ممتاز مانتے ہیں کہ اس میں علم وادب کی سرپرستی ہوئی جیسے فارسی شعراء میں قزلباش خاں امید، واصل خاں واصل کشمیری، سلیمان قلی خاں داؤد، علی قلی خاں ندیم، شیخ سعد اللہ گلشن، مرتضی قلی خاں فراق، سیر شمس الدین فقیر، مرزا عبدالقادر بیدل، سراج الدین علی خاں آرزو، فائز، شہرت، صابر، مخلص، امین، انجام، بھار دہلوی، تراب، تمیز، ثابت، جولان، جامع کشمیری، حیرت، ثبات، حبیب اللہ دہلوی، خوشگو، دیدہ، ذوقی بلگرامی، زائر، ساغر دہلوی، سودا پلی قمی، عزت، متین، نکہت، یکتا، آثم، اسحق، علوی، حکیم بیگ خاں حاکم، نصرت اللہ خاں نیاز، سید سعد اللہ، محمد حسن خاں ساطع، محمد ہاشم عاجز، مرشد قلی خاں مخمور جیسے بڑے بڑے فارسی گو شعراء نے فارسی میں طبع آزمائی کی۔ ۱۷

ریختہ گوئیوں میں نواب عمدۃ الملک نواب، عنایت خاں راسخ، نواب محمد شاکر خاں شاکر، خان عالیشان جعفر علی خاں، خواجہ ناصر عندلیب، شاہ حاتم، میر صاحک، جعفر زٹلی، مرزا مظہر جان جاناں اور ہندی شعراء میں اعظم خاں، دیوی کوی، صورت مسر وغیرہ موجود ہیں۔۱۸

محمد شاہ کی وفات پنج شنبہ کے دن ۲۷ ربیع الثانی ۱۱۶۱ھ/ ۲۶ اپریل ۱۷۴۸ء کو ہوئی۔ اسے مقبرۂ نظام الدین اولیاء کے صحن میں دفن کیا گیا اس بادشاہ کو ہم تیموری خاندان کا آخری بادشاہ کہہ سکتے ہیں جس نے دہلی میں تیس سال کی مدت تک حکومت کی۔ محمد شاہ کی وفات کے بعد دہلی مصیبت اور آفتوں کی آماجگاہ بن گئی اس کے بعد جو چند بادشاہ تخت نشین ہوئے وہ امرائے دربار کے ہاتھوں میں صرف کٹھ پتلی بنے رہے۔۱۹

احمد شاہ (۱۷۴۸ء تا ۱۷۵۴ء)

محمد شاہ کے انتقال کی خبر سنتے ہی فوج کے سرداروں نے سلطنت مغلیہ کا تاج احمد شاہ کو پہنا دیا تھا۔۲۰ اس کا دورِ حکومت محمد شاہ سے بھی بدتر تھا۔۲۱ اس نے تقریباً چھ برس تین ماہ اٹھارہ دن حکومت کی۔۲۲ اس کے دورِ حکومت میں سلطنت برائے نام رہ گئی تھی۔اس نے عنان حکومت تو امرائے سلطنت کے حوالے کر دی اور خود عشرت پرستی میں مست رہنے لگا۔۲۳

یکم جنوری ۱۱۸۹ھ ۱۷۷۵ء کو انتقال ہوا۔اور مقبرہ ملکہ مریم مکانی میں دفن کر دیے گئے۔

احمد شاہ عربی، فارسی، ہندی کے عالم اور ہندی شاعر تھے۔احمد شاہ تخلص کرتے تھے۔نمونۂ کلام:

تو ہی مراد گرومن بھاون ۲۴

احمد شاہ نے بہت سے شعراء کی سرپرستی کی ان میں سے کچھ کے نام حسب ذیل ہیں۔ان ہی میں سے ایک واصلؔ خاں کشمیری بھی ہیں جو محمد شاہ کے بعد ان کے دربار سے نہ صرف بدستور وابستہ رہے بلکہ ان ہی کے عہد میں اس قدر جاہ مرتبہ حاصل کیا کہ ایک شاہی کوکہ سے واصلؔ کی شادی ہوئی اور احمد شاہ کے مقربین میں شامل ہوئے ۲۵ واصلؔ کا یہ شعر احمد شاہ کی مدح میں ہے:

خاک نقش پای حضرت شاہ احمد توتیاست
زان ملک مالند چشم خویش بر مژگان ما ۲٦

محمد فقیہ: دردمند تخلص تھا۔ہندی اور فارسی شعر کی اصلاح میرزا مظہر سے لیتے تھے۔انہوں نے ساقی نامہ ریختہ زبان میں کہی جو کہ بہت مشہور ہے۔فارسی کے اشعار درج ذیل ہیں:

یار چوں لطف کند حوصلہ بیتاب شود | خبر از شیشہ مگوئید کہ سنگ آب شود
این دل کہ ہیچ پیش تواش اعتبار نیست | لعلی است اینکہ در گرہ روز گار نیست
معلوم شد ز شعلۂ آواز عندلیب | آتش فتادہ است بہ باغ ایں بہار نیست ۲۷

شرف علی خاں: فغاں تخلص تھا۔اس کی پیدائش دہلی میں ہوئی اور احمد شاہ بادشاہ کا دودھ شریک بھائی تھا، ہندی اور فارسی دونوں زبان میں شعر کہے:

قاصد آخر دیدہ می آئی | کہ گریبان دریدہ می آئی
دست را کی در از کردم من | کہ تو دامن کشیدہ می آئی ۲۸

میرزا باقر: حقیر تخلص تھا۔احمد شاہ بادشاہ کے عہد میں ہندوستان آیا۔فن شعر میں مہارت حاصل کرنے کے بعد اساتذہ کے دواوین جمع کیۓ اور مطالعہ میں مشغول ہوگئے اور جب شعر کہنے شروع کیے، میر شمس الدین عباسی رحمتہ اللہ دہلوی سے اصلاح لیتے جن کی خواہش پر حقیر تخلص اختیار کیا:

من اسیرِ دامِ آن زلف دوتا خواہم شدن | از پریشانی بہ صد غم مبتلا خواھم شدن
پریروی کہ دلھا در خم زلفش پریشان شد | نظر انداخت در آئینہ دیر خویش حیران شد ۲۹

کشن چند: اخلاص تخلص شاعری میں میرزا عبدالغنی بیگ قبول کے شاگرد تھے، احمد شاہ بادشاہ کے شروع عہد میں وفات پائی۔فارسی کے درج ذیل اشعار سفینۂ ہندی میں درج ہیں:

ھرگز مکدر از سخن کس نمی شوم آئینہ وار در دل صافم غبار نیست
اخلاص ، بسکہ بلبلِ رنگین ترانہ ام چوں من بہ باغِ دھریکی از ہزار نیست ۳۰

شیرافگن خان: نام، باسطی تخلص تھا احمد شاہ بادشاہ کے آخری عہد میں لکھنؤ آئے اور خواجہ باسط علیہ الرحمہ کی دامادی اور مریدی حاصل ہوئی اور اپنے مُرشد کے نام کی مناسبت سے باسطی تخلص اختیار کیا :

رُباعی

ھرکس ز علی بغضِ درون میدارد
خود راز در کرم برون میدارد
دانی کہ چراکاخ شریعت برپاست
این خانہ دواز دہ ستون میدارد ۳۱

حواشی

۱۔ ہندوستان کی تاریخ،صفحہ ۳۰۵
۲۔ بزم تیموریہ، جلد سوم، صفحہ ۱۰۰۔۹۱
۳۔ واقعات کشمیر،ص ۳۵۴
۴۔ بزم تیموریہ (جلد سوم)،ص ۹۳
۵۔ ایضاً
۶۔ تاریخ تحریک آزادی ہند،ص ۷۵
۷۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ (جلد ۵)،ص ۱۰۵
۸۔ ہندوستان کی تاریخ،صفحہ ۳۰۶
۹۔ اردو دائرۂ معارف اسلامیہ،صفحہ ۴۳۶۔
۱۰۔ ہندوستان کی تاریخ،صفحہ ۳۰۸،۳۰۶،
۱۱۔ تاریخِ تحریکِ آزادی ہند (جلد اول)،صفحہ ۸۰
۱۲۔ تاریخ کشمیر اسلامی عہد میں،صفحہ ۲۲۷
۱۳۔ ایضاً
۱۴۔ بزم تیموریہ (جلد سوم)،صفحہ ۱۰۲
۱۵۔ ایضاً،صفحہ ۱۰۳
۱۶۔ ایضاً
۱۷۔ ایضاً،صفحہ ۱۰۴
۱۸۔ ایضاً
۱۹۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ (جلد ۱۹)،صفحہ ۴۳۶
۲۰۔ ہندوستان شاہان مغلیہ کے عہد میں،صفحہ ۲۷۱
۲۱۔ مغلیہ حکومت کا زوال،صفحہ ۳۴۳
۲۲۔ مسلمان حکمرانوں کی ہندی قدردانی،صفحہ ۱۹۳
۲۲۔ مغلیہ حکومت کا زوال،صفحہ ۲۴۳
۲۴۔ مسلمان حکمرانوں کی ہندی قدردانی،صفحہ ۱۹۳
۲۵۔ مقالہ غالب نامہ،صفحہ ۷۸۔۷۹
۲۶۔ نسخہ واصل کشمیری، ورق ۳

۲۷؎ سفینۂ ہندی،صفحہ ۷۷ ۲۸؎ ایضاً

۲۹؎ ایضاً،صفحہ ۶۱ ۳۰؎ ایضاً صفحہ ۲۱

۳۱؎ ایضاً،صفحہ ۳۳۔۳۲

منابع و مآخذ

(۱) اُردو دائرۂ معارف اسلامیہ (جلد ۵/ ۱۹)،دانشگاہ پنجاب،لاہور،۱۹۲۲ء،نئی دہلی

(۲) بزم تیموریہ (جلد سوم)،سید صباح الدین عبدالرحمٰن،۱۹۹۱ء،اعظم گڑھ

(۳) تاریخ تحریک آزادی ہند (جلد اول)،تارا چند،۱۹۹۸ء،نئی دہلی

(۴) تاریخ کشمیر اسلامی عہد میں،ڈاکٹر صابر آفاقی،۱۹۸۸ء،لاہور

(۵) سفینۂ ہندی،بھگوان داس ہندی،۱۹۵۸ء،پٹنہ

(۶) مقالہ غالب نامہ (شمارہ نمبر۔۱)،مدیر اعلیٰ پروفیسر نذیر احمد،۲۰۰۷ء،غالب انسٹی ٹیوٹ،نئی دہلی

(۷) مغلیہ حکومت کا زوال

(۸) مسلمان حکمران کی ہندی قدر دانی،محمد شفیع علوی کاکوروی،۱۴۰۶ھ،لکھنو

(۹) نسخہ واصل کشمیری،محمد واصل خاں کشمیری،حبیب گنج ۱۴۰/ ۴۷،علی گڑھ

(۱۰) واقعات کشمیر،محمد اعظم دومری،مترجم شمس الدین احمد،۲۰۰۱ء،سرینگر

(۱۱) ہندوستان شاہان مغلیہ کے عہد میں،مولانا سید محمد میاں صاحب،۱۹۷۸ء،دہلی

(۱۲) ہندوستان کی تاریخ،وش داس،۱۹۵۸ء،دہلی

☆☆☆

استاد قمرؔ جلالوی کی مرثیہ نگاری

یاسر عباس، ریسرچ اسکالر، شعبہ فارسی، جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی نو

تاریخ کائنات میں واحد واقعہ کربلا ہی ایسا واقعہ ہے جو صدیاں گزرنے کے بعد بھی آج تک تازہ معلوم ہوتا ہے اور جو اس غم سے جڑ جاتا ہے وہ بھی زندۂ جاوید ہو جاتا ہے۔ واقعہ کربلا کو جس جس نے بھی اپنے انداز میں بیان کیا انسانیت نے اس کو کبھی فراموش نہیں کیا۔ واقعہ کربلا کو سب سے پہلے حضرت امام حسینؑ کی ہمشیرہ جناب ام کلثومؑ نے نظم کر کے غافل عوام کو یزید کے ظلم و ستم سے آگاہ کیا۔ اس کے بعد عرب میں فرزدق و دعبل خزاعی نے اپنے الفاظ میں وارثین کربلا کو تعزیت پیش کی۔ تو فارسی میں محتشم کاشانی وحسن کاشانی وغیرہ نے اس داستان غم کو نظم کا جامہ پہنایا۔ ہندوستان میں اولین مرثیہ گوان شعرا کو کہا گیا ہے کہ جن کے مراثی کو آج کی زبان میں نوحہ کہا جائیگا۔ اردو ادب کا پہلا عہد زریں میر تقی میر، میر حسن، میر درد، مرزا سودا، کے زمانے سیا صل مرثیہ یعنی مسدس کی شکل میں لکھا جانے لگا۔ میر ضمیر اور میر خلیق نے اس فن کو آگے بڑھایا تو میر انیسؔ و مرزا دبیرؔ کی کاوشیں اسے بام عروج پر لے گئیں۔ دبستان دبیر و دبستان انیس نے مرثیہ نگاری کی اس قدیم روایت کو قایم رکھا جس میں مرزا اوج، صفیر بلگرامی، شاد عظیم آبادی، نفیس لکھنوی، وحید، عروج وغیرہ کا نام قابل ذکر ہے۔ جنگی ماحول کو بھول جانے کی بنا پر نئے جمہوری زمانہ کی ضروریات کے مدنظر پرانی روایات سے گریز کرنا پڑا۔ اس دور کے شعرا میں جہاں جوش ملیح آبادی، نسیم امروہوی، خبیر لکھنوی، جمیل مظہری وغیرہ ہیں تو ان میں ایک نام قمرؔ جلالوی کا بھی ہے۔

قمر جلالوی کا تعارف مختصر الفاظ میں اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے۔

''سید محمد حسین ہمدانی تخلص قمرؔ ابن سید غلام حسین ہمدانی ۱۸۸۷ء کو علی گڑھ کے قصبہ جلالی میں متولد ہوئے۔ اجداد ہمدان سے ترک وطن کر کے ہندوستان آئے تھے۔ لہذا نام کے ساتھ ہمدانی بھی متصل کر لیا۔ تعلیم کی ابتدا قصبہ جلالی میں ہی کی قمر صاحب کے والد ایک زمیندار تھے لیکن اخراجات اس زمینداری کی حیثیت سے زیادہ تھے۔ استاد کا ایک شعر اس حالت کی عکاسی کرتا ہے۔

تری محفل میں ورنہ جانے پہچانے بہت سے ہیں ‏ بنائے دے رہی ہیں اجنبی ناداریاں مجھ کو (۱)

بچپن ہی سے شاعری کی تقریباً ساٹھ سال ہندوستان میں بسر کیے ان ایام میں استاد اپنی شہرت کے عرش پر پہنچ چکے تھے۔ ۱۹۴۷ء میں آزادی کے بعد ترک وطن کر کے پاکستان چلے گئے۔ موصوف نے خاصی تعداد میں غزلیں، قصیدے، قطعات، رباعیات، سلام، سوز، منقبت، مرثیے کہے۔ استاد قمر جلالوی کی شہرت ان کی غزلیات کی بنا پر ہے اس کے باوجود استاد کے مراثی و سلام کی شہرت بھی کم نہیں۔

مرثیہ کی تعریف و ہیئت کے حوالے سے محققین کے مختلف اقوال ہیں۔ سید مسعود حسن رضوی ادیب نے مرثیہ کی عمومی اور خصوصی حیثیت کا بیان ان الفاظ میں کیا ہے۔

''مرثیہ بالعموم اس نظم کو کہتے ہیں جس میں مرنے والے کی خوبیاں بیان کر کے اس کی موت پر افسوس کیا جائے۔ اور بالخصوص مرثیہ کا اطلاق اس نظم پر ہوتا ہے جس میں امام حسینؑ کی شہادت یا اس سے متعلق کوئی واقعہ غم انگیز پیرایہ میں بیان کیا جائے۔'' (۲)

امداد امام اثر نے مرثیہ کی وسعت کے سلسلے میں اپنے خیالات کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے۔

''مرثیہ نگاری سے مراد یہاں وہ مرثیہ گوئی نہیں کہ دوست داران خاندان پیغمبرؐ مصائب اہل بیتؑ کو شاعرانہ پیرایہ میں بیان کرتے ہیں بلکہ تمام ایسے دیگر منظوم بیانات جو سرمایہ رنج والم کے باعث اظہار غم وحسرت کے احاطہ تحریر میں ہیں''۔(۳)

مرثیہ کی مندرجہ بالا تعریف کی روشنی میں قمر جلالوی کے مراثی اپنی انفرادی حیثیت کے حامل ہیں۔قمر جلالوی نے دونوں زمانے دیکھے۔ایک زمینداری کا وہ دور جس میں لوگوں کے پاس وقت ہی وقت تھا۔ایک آزادی کے بعد کا وہ دور جسے کسماپرسی اور ذہنی کشمکش کا دور کہا جا سکتا ہے۔اس دور میں اگر زمیندار ہندوستان میں رہ گئے تو زمینداری نکلنے کی بنا پر محلوں سے زمین پر آ گرے۔اور اگر پاکستان چلے گئے تو بھی ذہنی کشمکش کسی صورت کم نہ ہو سکی۔زمینی کاغذات کی عدم موجودگی یا مکمل طور پر ثبوت نہ ہونے کی بنا پر پاکستان میں بھی اپنی جگہ بنانے میں ایک عرصہ لگ گیا۔قمر جلالوی کیونکہ امیرؔ مینائی کے شاگرد تھے اس لئے ہندوستان میں ان کی عام شہرت اور چرچا تھا۔لیکن گھریلو زندگی کسماپرسی کے عالم میں ہی گزرتی رہی۔ان کی زندگی کی چھاپ ان میں ماثی میں دکھائی نہیں دیتی۔البتہ سلاموں میں یہ شعور ضرور جاگتا نظر آتا ہے۔ان کے مشہور مرثیہ کی کتاب ''تجلیات قمر'' جو ''غم جاوداں'' کے نام سے جانی جاتی ہے۔اس کتاب کی ترتیب مجاہد لکھنوی کے ہاتھوں ہے تو اہتمام طباعت انصار حسین واسطی نے اپنے ذمہ لیا۔اس طرح ان دونوں کی کاوش اور استاد کی صاحبزادی محترمہ کنیز فاطمہ اور اپنے دور کے مشہور ومعروف ذاکر حسین علامہ رشید ترابی کی تجویز پر یہ مراثی شیخ شوکت علی اینڈ سنس نے شایع کیے ہیں۔

اس کتاب میں استاد قمر جلالوی کو میرؔ ثانی تحریر کیا گیا ہے۔دراصل یہ لقب غزلیات قمر جلالوی کے لیے زیادہ موزوں ہے۔مرثیہ میں ان کی حیثیت بہت زیادہ پائیدار نہیں ہے۔جہاں وہ غزلیات میں اپنے دور کے اکثر بڑے شعراء پر سبقت لے گئے ہیں وہیں مرثیہ کے میدان میں جوش ملیح آبادی، آل رضا، نسیم امروہوی، مہذب لکھنوی، جمیل مظہری اور نجم آفندی وغیرہ کے برابر نظر نہیں آتے۔اس کے باوجود اپنی سلیس اور شگفتہ زبان کی بنا پر وہ اپنی بات کہنے میں کامیاب نظر آتے ہیں۔وقت کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے ان کے مرثیے عام طور پر ساٹھ سے زیادہ بندوں پر مبنی نہیں ہیں۔صرف ایک مرثیہ ۸۰ کے عدد کو چھو سکا ہے۔اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس دور کو اختصار کا دور کہا جاتا ہے۔بڑے سے بڑے مضمون کو کم سے کم الفاظ میں باندھنا جدید دور کی افادیت ہے۔یہی وہ دور ہے جس میں ناول افسانے میں، افسانہ افسانچہ میں اور افسانچہ تین چار لائن کی بات میں سمٹ کر رہ گیا ہے۔اس کے باوجود غم کربلا ایسا حادثہ ہے جسے یاد کرنے کے لیے مسلمان وقت کی قیمت مقابلے میں ثواب اخروی کی طرف مائل رہتے ہیں۔اور ماہ محرم میں خاص طور پر اپنے وقت کو غم کربلا کے لیے وقف کر دیتے ہیں۔اسی لیے ہر جلسہ میں اختصار کی جھلک ہونے کے باوجود مجلس و ماتم امام مظلوم کربلا میں کوئی کمی نہیں دیتی بلکہ اس میں مزید اضافہ وترقی نظر آتی ہے۔

قمر جلالوی اپنے دور کے صف اول کے شعراء میں شمار کیے جاتے ہیں۔وہ غزل کے شاعر ہیں اسی لیے غزل کی طرز میں غم کربلا کی کیفیت بیان کرنے والی صنف ''سلام'' میں ان کو ایک خاص ملکہ حاصل ہے۔موصوف کے سلام اردو کے کسی بھی سلام کہنے والے شاعر کے مقابلے میں پیش کیے جا سکتے ہیں چاہے وہ میر انیسؔ ہی کیوں نہ ہو سکے۔ان کے سلاموں کو بھی وہی شہرت حاصل ہوئی جو انیس ودبیر کے حصہ میں مخصوص تھی۔مثلاً ان کا سلام

تم نے کیا پیدایش حیدر سے بھی جانا نہیں ۔۔۔ اے بتوں اللہ کا گھر ہے یہ بت خانہ نہیں (۴)

یا

بیٹھا ہے مشکلات کے رستے پہ ہار کے ۔۔۔ او بدنصیب دیکھ علیؑ کو پکار کے(۵)

وغیرہ سلام ہند و پاک میں برپا ہونے والی مجالس کی زینت بنتے ہیں اور سوز و سلام کے درمیان اکثر امام بارگاہوں کسی نہ کسی روز سننے کو مل جاتے ہیں۔ایک جگہ سلام کے مقطع میں حدیث رسولؐ(اولنا محمدو اوسطنا محمدو آخرنا محمدو کلنا محمد) کو نہایت خوبصورتی کے ساتھ نظم کیا ہے۔

اول وآخر محمد ہی محمد ہیں قمر　　　اس گھرانے میں سوال بیش وکم ہوتے نہیں(۶)

صنف مرثیہ میں بھی قمر جلالوی نے اپنی ایک پہچان بنانے کی کوشش کی ہے۔ بقول طاہر حسین کاظمی۔

''قمر جلالوی کے مراثی کے مطالعہ کے بعد ان کے کلام میں محاسن شعری کا اعتراف ہر سخن فہم اور حقیقت پسند انسان کو کرنا پڑے گا۔عناصر مرثیہ کی بڑی حد تک پابندی کے باوجود اپنے کلام میں جدید رنگ اور آہنگ کا ثبوت فراہم کیا ہے۔طرۂ امتیاز یہ کہ موضوع سے نہیں بھٹکتے۔واقعات کے بیان میں طوالت سے گریز کرتے ہوئے اختصار کے ساتھ واقعات کا بھرپور لطف پیدا کیا''۔(۷)

طاہر کاظمی کے مندرجہ بالا بیان میں ''عناصر مرثیہ کی بڑی حد تک پابندی کے باوجود'' گوکہ موصوف نے بڑی حد تک کے ذریعہ خود کو بچانے کی کوشش کی ہے۔ان کے مرثیوں میں سب سے بڑا امتیاز سہل ممتنع کا استعمال ہے۔جس کے لیے میر انیس کی شہرت ہے۔لیکن حقیقت تو یہ ہے کہ میر انیس کے یہاں بھی

جب قطع کی مسافت شب آفتاب نے　　　یا　　　نمک خوان تکلم ہے فصاحت میری

جیسے بہت سے مرثیے موجود ہیں۔جنہیں سہل ممتنع کا درجہ نہیں دیا جا سکتا۔البتہ قمر جلالوی کے غمِ جاوداں میں دیے گئے دسوں مرثیے سہل ممتنع کی تصویر پیش کرتے ہیں۔لہذا مفتی سید نصیر الاجتہادی کے اس قول میں مکمل صداقت نظر آتی ہے۔

''سہل ممتنع کا تصور جس طرح قمر کی شاعری حقیقت بنا ہے اس کی مثال دوسری جگہ نظر آنا مشکل ہے''۔(۸)

اسی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے سید طاہر کاظمی کا قول بھی پیش کیا جا سکتا ہے۔

''قمر کا اسلوب مرثیہ نگاری نہایت سادہ، رواں اور سہل ہے تخیل آفرینی اور صنایع و بدایع کا ایک حسین امتزاج ان کی شاعری میں اپنی نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔(۹)

دراصل جیسا کہ پہلے کہا گیا ہے قمر جلالوی بنیادی طور پر غزل وسلام کے شاعر ہیں۔اسی لیے ان کو ان کی غزلیات کی بنا پر میر ثانی پکارا گیا۔البتہ ان کے مرثیے دور حاضر کی زبان کی عکاسی کرتے ہوئے فارسی وعربی سے نابلد مجمع کے سامنے بھی پیش کیے جا سکتے ہیں۔وہ آزادی کے بعد جتنے سال بھی زندہ رہے اس دور میں انہوں نے اندازہ لگالیا کہ پاکستان کی قومی زبان اردو ہونے کے باوجود بھی یہ تمام اہل پاکستان کو ان کی قومی جبلت کی بنا پر جوڑنے میں ناکام رہے گی۔اسی لیے انہوں آسان سے آسان تر زبان استعمال کرنے کی کوشش کی۔ چونکہ شاعر کو تلمیذ خدا بھی کہا گیا ہے لہذا وہ الہامی طور پر آنے والے دار کے سامعین کی ذہنیت واستعداد کا اندازہ لگا لیتا ہے۔اسی لیے غم جاوداں جس میں مندرجہ ذیل دس مرثیے ملتے ہیں۔

ان کے تمام مراثی کو جو امتیاز دوسرے مرثیہ نگاروں کے مقابلے میں الگ شناخت دیتا ہے وہ ان کے ''ساقی نامے'' سے متعلق اشعار ہیں۔یا بے ساختہ موزوں ہونے والی بیتیں ہیں۔کہیں کہیں تو ان کی بیت میر انیس کی بیتوں کے ہمراہ دکھائی دیتی ہے۔مثلاً میر انیس کی ایک مشہور بیت صنعت حسن تعلیل کی پیش کی جاتی ہے۔

پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی ساحل پہ سر پٹکتی تھی موجیں فرات کی

اب قمر جلالوی کی بیت دیکھیے۔

پانی جو نہر کا نگہ صف شکن میں ہے موجوں کا ہے یہ حال کہ رعشہ بدن میں ہے(۱۰)

دونوں میں کیفیت یہ ہے کہ انیس کے شعر میں موجوں کو ساحل تک آنے کی ضرورت ہے لیکن قمر جلالوی کی بیت کے مضمون کو جب بھی آپ نظارہ کریں گےتو پانی کو ہلتا ہوا پائیں گے جسے رعشہ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ یہاں یہ تو نہیں کہا جاسکتا وہ مرثیہ گوئی میں میر انیس سے بہتر شاعر ہیں لیکن یہ بیت اس اور اس بیت کا مضمون صنعت حسن تعلیل کے لیے کرشمہ سازی کا کام کر رہی ہے۔ غم جاوداں کے چوتھے مرثیہ کے ۳۷ تا ۳۹ ویں بند کے ملاحظہ کیجئے۔ ساقی نامہ کی نہایت عمدہ مثال ہیں۔

ساقی گھٹائیں چھا گئیں لا بھر کے جام لا پیاسہ ترا زہیر ہے دریا دلی دکھا
مالک تو خشک و تر کا ہے تجھ کو کمی ہے کیا فضل خدا سے ہیں ترے میخانے جا بجا
جب ہر جگہ ہے بادہ کشی سر نوشت میں
کوثر کی بات آکے کریں گے بہشت میں
ساقی سدا ہے تیری نوازش پہ سب کو ناز جی بھر کے وہ پلا جسے کہتے ہیں کعبہ ساز
اپنے زہیر کو تجھے کرنا ہے سرفراز جھک جائے اتنا بار کرم سے سر نیاز

دریا دلی کو دیکھ کے خود جھومنے لگے
ہاتھوں کے بدلے تیرے قدم چومنے لگے
ساقی ہے تیرے بودہ کشوں میں یہی رواج چھوڑیں ملا کے خاک میں باطل کا تخت و تاج
دیکھ اپنے ایک پرانے شرابی کی جنگ آج ہوتا ہے مئی کی طرح سے میخوار کا مزاج
پیری نہ کیسے باعث فخر شباب ہو
ہوتی ہے تیز جتنی پرانی شراب ہو(۱۱)

آخری بیت میں جو شراب کے مزاج سے بزرگی و پیری فخر شباب کہا ہے اسکی نظیر محال ہے یعنی جس طرح سے جتنی پرانی شراب ہوتی ہے اتنی ہی تیز ہوتی ہے اسی طرح جتنی بزرگی ہوگی اتنی شباب پر سبقت لیے ہوگی۔

جیسا کہ بیان کیا گیا ہے کہ ان کے مراثی میں ''ساقی نامہ'' کا ایک خاص امتیاز رکھا جاتا ہے اس کے لیے اجزاء مرثیہ کی کوئی قید نہیں۔ غم جاوداں کے پہلے مرثیہ (جب فتح ملک شب کو کیا آفتاب نے) جو حبیب ابن مظاہر کے احوال میں ہے۔ ۵۱ بندوں کے اس مرثیہ میں بیالیسویں بند میں اس طرح رطب اللسان ہیں۔

ساقی زبان سوکھ گئی ہے شراب لا خوشبو میں ہو جو غیرت مشک و گلاب لا

پیری کو جو کہ بخش دے رنگ شباب لا   طے کر چکا ہوں منزل راہ جواب لا
پھولوں میں رکھ کے جام دے مجھ خوش نصیب کو
پہنچا کے آ رہا ہوں جناں میں حبیب کو(۱۲)

حبیب ابن مظاہر کے اس مرثیہ میں قمر جلالوی حبیب ابن مظاہر کے ذریعہ امام حسینؑ کے پیغام اور مقصد کو پہنچانے کی کامیاب کوشش کرتے ہیں۔اس بند سے ''دو شہزادوں کی جنگ'' کہنے والوں کے منہ پر تالا لگانے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔

وہ کام ہو کہ حکم ہو جس کام کے لیے   اللہ اور رسولؐ کے پیغام کے لیے
لڑنا نہیں ہے سلطنت و نام کے لیے   قربانی دیتے آتے ہیں اسلام کے لیے
صابر ہیں ہم نظر نہیں رکھتے ہیں دھر پر
تاریخ میں نہ ہو کہ لڑائی تھی نہر پر(۱۳)

مندرجہ بالا ایک ہی بند میں کربلا کے پورے فلسفہ کو اس طرح بیان کرنے کی کوشش کی ہے جیسے کوزے کو سمندر بند کر دیا ہو۔مثلاً مسلمان کو وہ ہی کام انجام دینا چاہیے جس کے لیے اللہ کا حکم ہوا ہے۔یعنی قرآنی احکام کو رائج کیا جائے اور اللہ و رسولؐ کے پیغام کو دنیا میں عام کیا جائے تا کہ ایک صالح معاشرہ سامنے آئے۔ بنی امیہ کی حکومت جبر و استبداد پر ٹکی ہوئی تھی اور اسلامی نظام کو ملوکیت کی طرف دھکیل رہی تھی۔اسی لئے اس نظام کی نفی کرنے کے لئے تیسرے مصرعہ میں واضح کر دیا گیا

''لڑنا نہیں ہے سلطنت و نام کے لیے''

یہ تنہا مصرعہ ہی تمام تاریخ اسلام پر حسینی نظریہ کو واضح کر رہا ہے جس کا نتیجہ یہ ہے۔

''قربانی دینے آئے ہیں اسلام کے لیے''

یعنی اسلام کے لیے لڑنے نہیں آئے ہیں بلکہ اسلام بچانے کے لیے قربانی دینے آئے ہیں۔قمرؔ جلالوی نے ایک ایک لفظ کو ہیرے کی طرح جڑنے کی کوشش کی ہے اور ایک ہی مصرعہ میں اپنی بات مکمل کر دی ہے۔اب قربانی دینے کے لیے اس کے نتیجہ میں ظالم و جابر کی طرف سے جو اعتراضات ہو سکتے تھے ان کا جواب بھی بیت میں دے دیا گیا۔قرآن نے کہا ہے۔''ان اللہ مع الصابرین'' بے شک خدا صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔لہذا شاعر نے بتا دیا کہ کربلا صابر ہیں۔ان کی نظر حکومت پر نہیں ہے۔ کیونکہ حدیث رسولؐ ہے ''علی مع الحق والحق مع علی'' علیؑ حق کے ساتھ ہے اور حق علیؑ کے ساتھ ہے۔اور علیؑ یا حسینؑ ابن علیؑ ایک ہی مقصد کے حامل ہیں اور کلنا محمد والی حدیث کے تحت دونوں اپنے اپنے وقت کے محمد ہیں۔تو اسلام بچانے کے لیے دفاعی جنگ تو ہونا ہے۔لیکن کئی دن کے پیاسے ہونے کے باوجود کسی صورت بھی اس جنگ کا رخ حصول آب کے لیے نہیں ہونا چاہیے اسی لیے فیصلہ سنا دیا گیا۔

''تاریخ میں نہ ہو کہ لڑائی تھی نہر پر''

اسی کو کوزی میں سمندر سمانا کہا جا سکتا ہے کہ ایک ہی بند میں قمرؔ جلالوی نے پورا فلسفہ بیان کر دیا ہے۔مآل مرثیہ رقت یا بین سمجھا جاتا ہے۔لیکن قمر جلالوی کی طبیعت میں شاید غم کربلا کو بیان کرنے کی طاقت نہیں تھی۔اسی لیے اکثر مرثیوں میں یہ عنصر دوسرے مرثیہ گو حضرات کے مقابلے میں کمزور نظر آتا ہے۔

شایداس کی ایک وجہ یہ ہوکہ شدت غم کی بناپران کا ذہن اتنا رنجیدہ وافسردہ ہوجاتا ہوکہ اس غم کوالفاظ میں پرونے کی سکت نہ کر پاتا ہواوران کاحساس دل اس غم برداشت کرتے کرتے نڈھال ہوجاتا ہو۔کیا نکہ آل مجلس مرثیہ کا یہی حصہ کہا جاتا ہےلہذاامام حسینؑ کے حال میں کہے گیے آٹھویں مرثیہ (روشن ہواجوبام فلک پرچراغ شب)جو۳۶بندوں پرمشتمل ہےامام حسینؑ کی بیکسی کواس طرح بیان کرتے ہیں۔

رخصت حرم سے ہو کے جو نکلے شہ انام دیکھا کھڑا ہے عالم غربت میں خوش خرام
رن میں پڑے ہوئے ہیں زمیں پر فلک مقام بولے غریب و بیکس و لاچار کا سلام
سب چھوڑ بیٹھے فاطمہ کے نور عین کو
اٹھو کوئی سوار کرا دو حسین کو

ہر ایک کو پکار رہے ہیں شہ ہدی عباس و قاسم و علی اکبر اٹھو ذرا
آتے نہیں ہو عون و محمد ہوا ہے کیا زینب نے جب سنی شہ مظلوم کی صدا
نکلی رکاب تھامنے کو اپنے بھائی کی
مشکل کشا کی بیٹی تھی مشکل کشائی کی(۱۴)

الختصرمراثی استادقمرجلالوی کےمطالعہ کے بعد یہ نتیجہ نکالا جاسکتا ہے آل مرثیہ یعنی مصائب کمی ہونے کے باوجوددورجدید کی تمام ترخصوصیات وضروریات یعنی اختصاراستاد کےمراثی میں موجود ہے۔آپ کی تماثیل وتشبیہات بےحدخوبصورت ہیں۔

مآخذ:

۱۔ رشک قمر۔ازقمرجلالوی ص۱۵۱
۲۔ روح انیس،سیدمسعودحسن رضوی ادیب،ص۱۸
۳۔ کشف الحقایق،امدادامام اثرص۱۵۸
۴۔ غم جاوداں،مرتب مجاہدلکھنوی،ص۵۳،مطبع شیخ شوکت علی اینڈسنس پاکستان چوک کراچی ۱۹۷۸
۵۔ غم جاوداں،مرتب مجاہدلکھنوی،ص۴۰،مطبع شیخ شوکت علی اینڈسنس پاکستان چوک کراچی ۱۹۷۸
۶۔ غم جاوداں،مرتب مجاہدلکھنوی،ص۵۴،مطبع شیخ شوکت علی اینڈسنس پاکستان چوک کراچی ۱۹۷۸
۷۔ اردومرثیہ میرانیس کے بعد،سیدطاہرحسین کاظمی،ص۱۹۰ایرانین آرٹ پرنٹرز۱۵۳۴،گلی قاسم جان۔دریا گنج دہلی۔۱۹۹۷ء
۸۔ غم جاوداں،مرتب مجاہدلکھنوی،ص۱۹،مطبع شیخ شوکت علی اینڈسنس پاکستان چوک کراچی ۱۹۷۸
۹۔ اردومرثیہ میرانیس کے بعد،سیدطاہرحسین کاظمی،ص۱۹۳ /ایرانین آرٹ پرنٹرز۱۵۳۴،گلی قاسم جان۔دریا گنج دہلی۔۱۹۹۷ء
۱۰۔ غم جاوداں،مرتب مجاہدلکھنوی،ص۹۱،مطبع شیخ شوکت علی اینڈسنس پاکستان چوک کراچی ۱۹۷۸
۱۱۔ غم جاوداں،مرتب مجاہدلکھنوی،ص۱۶۵،مطبع شیخ شوکت علی اینڈسنس پاکستان چوک کراچی ۱۹۷۸

۱۲۔ غم جاوداں، مرتب مجاہد لکھنوی، ص ۸۳، مطبع شیخ شوکت علی اینڈ سنس پاکستان چوک کراچی ۱۹۷۸

۱۳۔ غم جاوداں، مرتب مجاہد لکھنوی، ص ۸۲ ، مطبع شیخ شوکت علی اینڈ سنس پاکستان چوک کراچی ۱۹۷۸

۱۴۔ غم جاوداں، مرتب مجاہد لکھنوی، ص ۲۹۱ ، مطبع شیخ شوکت علی اینڈ سنس پاکستان چوک کراچی ۱۹۷۸

☆☆☆

مولانا شبلی نعمانی کی تاریخی تصانیف پر ایک نظر

رضیہ سلطانہ، شعبہ اسلامک اسٹڈیز، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

مولانا شبلی نعمانی (1887-1914) ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔ انھوں نے اپنے مختلف کارناموں کے سبب کافی شہرت حاصل کی لیکن ان کی شہرت میں ایک اہم حصہ ان تصانیف وتحریرات کا ہے جو انھوں نے سوانح، تاریخ، ادبی، سیاسی، تعلیمی اور فلسفیانہ موضوع پر لکھیں۔ ان تصانیف میں تاریخی کتب اور سوانح عمریاں بہت زیادہ اہمیت کی حامل ہیں جو کافی مشہور ومقبول ہوئیں۔ شبلی نے لکھنے کا سلسلہ تو کم عمری میں ہی شروع کر دیا تھا اور علی گڑھ آنے سے پہلے سے ان کی دو تصانیف شائع ہو گئیں تھیں مگر ان تصانیف کا موضوع فقہ کے فروعی مسائل تھے۔ اسلامی تاریخ سے دلچسپی شبلی کو علی گڑھ آنے کے بعد ہوئی یہاں ان کو ایک بڑی تعداد تاریخی کتب کی یک جا مل گئی تھی اس کے بارے میں خود شبلی فرماتے ہیں۔ ''تصانیف کا شوق ابتداً مجھے ان تاریخی تصنیفات کے دیکھنے سے ہوا تھا جو یورپ میں چھپی تھیں اور ایک موقع پر مجھ کو بہت سی یک جا ملی تھیں جن کو میں نے پہلے نہیں دیکھا تھا۔''[۱] ان کتب کے ذریعے وہ یورپین مصنفین کے طرز نگارش اور علمی تحقیقات سے متعارف ہوئے۔ صرف ان کتابوں نے ہی شبلی کی تصانیف میں اپنا کردار ادا نہیں کیا بلکہ علی گڑھ کے علمی وادبی ماحول نے بھی انھیں تصنیفی کام کے لئے ابھارا مزید برآں اس کام میں آپ کو سرسید کا بھی بھرپور تعاون ملا، انھیں تمام باتوں کا نتیجہ تھا کہ علی گڑھ قیام کے دوران آپ کی کئی مایہ ناز تصانیف منظرِ عام پر آئیں اس کے بعد آپ جہاں بھی گئے تصانیف کا یہ سلسلہ چلتا رہا۔

مولانا شبلی کی زیادہ تر کتب کو تاریخی تصانیف اور سوانح نگاری دونوں قسم کی فن کی کتابوں میں رکھا جا سکتا ہے کیونکہ آپ نے ان عظیم ہستیوں کی سوانح لکھیں جو اسلامی تاریخ کا حصہ تھے۔ مولانا شبلی کارلائل کے اس نظریئے کے قائل تھے کہ تاریخ غیر معمولی شخصیتوں اور ناموروں کے غیر مختتم سلسلے کا نام ہے۔[۲] شبلی کی سوانح بھی تاریخ کا رنگ لئے ہوئے ہیں ان سوانح کا مقصد محض کسی شخص کی سوانح لکھنا نہیں تھا بلکہ شبلی ان سوانح کے ذریعے مسلمانوں کو ان کے ماضی کے تابناک پہلوؤں سے روشناس کرانا چاہتے تھے اور ان کو آباء واجداد کی ہمت افزاں داستانیں سنا کر ان کے دل سے پستی کے احساس کو ختم کرنا شبلی کا مقصد تھا۔

شبلی نعمانی تاریخ نویسی کے لئے تحقیق، تدقیق اور تعدیل پر بہت زور دیتے ہیں ان کے نزدیک تاریخ نویسی کے لئے یہ چیزیں جزوِ ایمان کی حیثیت رکھتی ہیں۔ شبلی نعمانی اپنی کتابوں کے لئے مواد اس موضوع کی بنیادی اور مستند کتابوں سے لیتے ہیں۔ شبلی کا ماننا ہے کہ مؤرخ کا اصلی فرض یہ ہے کہ وہ سادہ واقعہ نگاری کی حد سے تجاوز نہ کرنے پائے۔[۳] ان کے مطابق تاریخ اور انشاء پردازی کی حدیں بالکل جدا ہیں۔ شبلی کے نزدیک مورخ کو اسباب و علل کا سلسلہ ملانے کے لئے قیاس اور اجتہاد سے کام لینا پڑتا ہے مگر اس میں مورخ کو اعتدال اور احتیاط کے دامن کو نہیں چھوڑنا چاہئے اور واقعات کو ترتیب دینے کا مقصد پہلے سے طے شدہ مطلب حاصل کرنا نہ ہو۔[۴] شبلی کی تصانیف میں تحقیق واستدلال کے ساتھ ظرافت کا عنصر بھی کہیں کہیں ملتا ہے جو ان کی تصانیف کو اور نمایاں بناتا ہے ان کی زبان سادہ اور سلیس ہے جو قاری کے ذہن پر اثر چھوڑتی ہے۔

شبلی کی تصانیف ماضی کی عظیم شخصیات کی سوانح ہیں مگر اس کے باوجود شبلی نے اپنے ہیرو کی خوبیوں کے ساتھ اس کی کمزوریوں کو بھی دکھانے کی کوشش کی ہے اور وہ انھیں انسانی لغزشوں سے ماوراء دکھانا نہیں چاہیے بلکہ ایک سادہ اور بشری تصویر کشی کرنے کی کوشش کرتے دکھائی دیتے ہیں۔

اب شبلی کی ان تصانیف کا ذکر کیا جائے گا جو اسلامی تاریخ کی ان اہم شخصیات کی سوانح ہیں جو اپنے طبقے میں عظمتِ حکومت کے اعتبار سے اپنا ہم سر نہیں رکھتے تھے۔

المامون

شبلی کی پہلی تاریخی تصنیف المامون تھی جو 1889ء میں منظرِ عام پر آئی۔ یہ کتاب آپ نے علی گڑھ قیام کے دوران لکھی اور کالج کی جانب سے اسے شائع کیا گیا۔ یہ تصنیف اتنی مقبول ہوئی کہ چند مہینوں میں ہی پہلا ایڈیشن ختم ہو گیا اور اسے دوبارہ چھاپا گیا۔ اس کتاب کو دو حصوں میں منقسم کیا گیا ہے، کتاب کے پہلے حصے میں معمولی واقعات، خانہ جنگیوں، بغاوتوں اور ملکی فتوحات کا ذکر ہے۔ مامون کے ذاتی کمالات اور کارناموں کا ذکر کتاب کے دوسرے حصے میں کیا گیا ہے اور یہی کتاب کا اہم حصہ ہے۔ شبلی نے اس کتاب کے مواد کو جمع کرنے میں بڑی مشقت اٹھائی کیونکہ قدیم مورخین کسی عہد کے تہذیب و تمدن کے حالات و واقعات کو قلم بند کرنے میں زیادہ دلچسپی نہیں رکھتے تھے اس لئے شبلی نے بڑی کوشش کر کے مختلف کتابوں سے وہ مواد جمع کیا جو اس کتاب کو نمایاں بناتا ہے سید عبداللہ کا ماننا ہے۔ ''مامون کے زمانے کی معاشرت اور دارالسلام بغداد کی تہذیب عصری کا اس سے بہتر مرقع شاید کسی اور کتاب میں موجود نہ ہوگا شاید مشہور عربی کتاب عصر المامونی سے بھی بہتر۔ ۵

مامون کی شخصیت میں بہت سی خوبیاں تھیں جن کا ذکر شبلی نے کیا مگر ان کی نظر مسلسل تاریخ پر جمی رہتی ہے اور شبلی ان واقعات سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں جو تاریخ کا حصہ ہیں اس طرح کہا جاسکتا ہے کہ المامون محض مامون کی سوانح نہیں ہے بلکہ اس کے دور کی تاریخ ہے۔

شبلی نے اپنی اس کتاب میں اشخاص کی نفسیات اور ان کی جذباتی کیفیات کا بیان بہت عمدہ طریقہ سے کیا ہے۔ شبلی اپنی اس کتاب میں غیر جانب دار رہنے کی کوشش کرتے ہیں جو مورخ کا ایک اہم فرض ہے شبلی اپنے ہیرو کو حقیقت کی حدیں لانگتے ہوئے عظیم دکھانے کے قائل نہیں ہیں بلکہ وہ حقیقت کے دامن کو نہیں چھوڑتے اور مامون کی خوبیوں کے ساتھ اس کی برائیاں بھی بیان کرتے ہیں۔ سر سید کے مطابق المامون میں ''جو خوب صورت ہے خوب صورت ہے جو بھونڈی ہے بھونڈی ہے نہ خوب صورتی کو زیادہ خوب صورت بنایا ہے نہ بھونڈے پن کو زیادہ بھونڈا اور درحقیقت یہی کمال تاریخ نویسی ہے۔'' ۶

شبلی المامون میں صرف اپنے ہیرو کی عظمت کے گن ہی نہیں گاتے رہتے بلکہ وہ دوسری شخصیتوں کے بھی ایسے واقعات پیش کرتے ہیں جن سے ان کی عظمت کا اعتراف ہوتا ہے۔ مثلاً ملکہ زبیدہ سے متعلق ایک واقعہ بیان کرتے ہیں۔ ''جب امین کی فوج کا سپہ سالار علی بن عیسیٰ مامون کو گرفتار کرنے جانے لگا تو اسے زبیدہ نے چاندی کی زنجیر منگا کر دی کہ مامون گرفتار ہو تو اس میں مقید کر کے لانا اس کے ساتھ یہ نصیحتیں کیں کہ امین اگرچہ میرا لختِ جگر ہے تاہم مامون کا بھائی ہے حق ہے تم جانتے ہو وہ کس کا بیٹا اور کس کا بھائی ہے۔ گرفتار ہو تو پاسِ ادب ملحوظ رکھنا سخت کہے تو برداشت کرنا راہ میں رکاب تھام کر چلنا کسی قسم کی تکلیف نہ ہونے پائے۔'' ۷

مامون کا دور اپنی علمی ترقیوں کے سبب مسلمانوں کی حکومت کا عہد زرین تھا مگر شبلی نے ان علماء کا تذکرہ بہت مختصراً کیا ہے اور ان کی کتاب کے چند صفحات میں ہی ان علماء کے کارناموں کا ذکر کیا گیا ہے۔

مجموعی طور پر کہا جاسکتا ہے کہ المامون ایک عمدہ سوانح ہے اور اردو تاریخ نویسی کا ایک اہم حصہ ہے اس میں مانون کے ساتھ ساتھ اس کے دور کے حالات اور تہذیب و تمدن کے بارے میں کافی معلومات فراہم کی گئی ہے۔

سیرۃ النعمان

مولانا شبلی کی المامون کے بعد جو دوسری تصنیف شائع ہوئی وہ سیرۃ النعمان تھی اس کتاب کی تعریف میں سید عبداللہ کہتے ہیں: ''اردو میں کیا مشرق کی سب زبانوں میں یہ کتاب اپنے موضوع پر جدید طرز تصنیف اور جدید اندازِ تصنیف کا اولین نمونہ ہے۔۸

شبلی کے دل میں جب یہ خیال پیدا ہوا کہ علمی ناموروں کے بارے میں لکھا جائے تو ان کی سب سے پہلے نظر حضرت امام ابوحنیفہ پر پڑی جن کے وہ ہمیشہ سے عقیدت مندر ہے تھے اسی بناء پر ان کے استاد فاروق چڑیا کوٹی نے ان کے لئے نعمانی کا نام تجویز کیا تھا۔حالانکہ مولانا نے المامون کے بعد الفاروق لکھنے کی شروعات کی تھی مگر مختلف وجوہات کی بناء پر انھیں اس کام کو کچھ عرصہ کے لئے روکنا پڑا اور اس دوران آپ سیرۃ النعمان لکھنے کی طرف متوجہ ہو گئے اس کا اظہار خود مولانا شبلی نے سیرۃ النعمان میں کیا ہے مولانا نے 1889ء میں اس کتاب کی بنیاد ڈالی اور اس سال کے آخر میں اس کا پہلا حصہ مکمل ہو گیا اور دوسرا حصہ دسمبر 1890ء میں تکمیل کو پہونچا اور 1891ء میں کالج کی جانب سے چھاپی گئی۔

اس کتاب میں مورخ شبلی کی جھلک نظر آتی ہے ابوحنیفہؒ کے عقیدت مند ہونے کے باوجود وہ حقیقت کے دامن کو ہاتھ سے نہیں چھوڑتے اور انھیں بشریت سے ماوراء دکھانے کی کوشش نہیں کرتے بلکہ آپ نے تذکرہ نویسوں کے ایسے قصوں پر اعتراض کیا ہے۔

ہمارے تذکرہ نویسوں نے امام کے اخلاق و عادات کی جو تصویر کھینچی ہے اس میں خوش اعتقادی اور مبالغے کا اس قدر رنگ بھرا ہے کہ امام صاحب کی اصلی صورت اچھی طرح پہچانی نہیں جاتی، چالیس برس تک عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھی چالیس برس تک متصل روزے رکھے۔ جہاں وفات کی، اس جگہ سات ہزار بار قرآن ختم کیا۔نہر کوفہ میں مشتبہ گوشت کا ٹکڑا پکڑا گیا اس خیال سے کہ مچھلیوں نے کھایا ہوگا اور مچھلیاں بہت دنوں تک زندہ رہتی ہیں۔ایک مدت تک مچھلی نہیں کھائی............ ہمارے مورخین انھیں دوراز کار قصوں کو امام کے کمالات کا جوہر سمجھتے ہیں حالانکہ یہ واقعات نہ تاریخی اصول سے ثابت ہیں نہ ان سے کسی کے شرف پر استدلال ہوسکتا ہے۔۹

سیرۃ النعمان کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ شبلی نے ابوحنیفہؒ کو علم کے ہر میدان میں اعلیٰ و برتر ثابت کرنے کی کوشش نہیں کی ہے ان کے بارے میں ایک مقام پر شبلی رقم طراز ہیں۔''مغازی،قصص سیر وغیرہ میں ان کی نظر چنداں وسیع نہ تھی۔۱۰

سید عبداللہ اس کتاب کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں:''سیرۃ النعمان اس موضوع پر بہترین کتاب ہے اس میں انھوں نے محبت اور عقیدت کے باوجود امام ابوحنیفہ کی صحیح تصویر پیش کی ہے۔''۱۱

الفاروق:-

سیرۃ النعمان کے بعد شبلی نے الفاروق کے لکھنے کا کام شروع کیا اس کتاب کا سالِ تصنیف 1899ء ہے شبلی اس کتاب کو اپنی اب تک کی تصانیف میں سب سے بہترین سمجھتے تھے اور اسے انھوں نے اپنی غزل مرصع قرار دیا۔المامون کے بعد مولانا شبلی الفاروق لکھنا چاہتے تھے مگر چند مجبوریوں کے تحت وہ ایسا نہیں کر سکے سید سلیمان کے نزدیک وہ مجبوریاں یہ تھیں کہ سر سید الفاروق لکھنے کے حق میں نہیں تھے وہ سمجھتے تھے کہ اس سے علی گڑھ کالج کے اتحاد کو نقصان ہوگا اور سنی و شیعہ تفرقہ پیدا ہو جائے گا۔۱۲ مگر شبلی نے اس تالیف میں دیر ہونے کی وجہ یہ بتائی ہے کہ کوتاہ بینیوں نے عجیب عجیب بدگمانیاں کیں۔ حالانکہ بات اتنی تھی کہ بعض نادر کتابیں جو اس تصنیف کے لئے ضروری ہیں۔ اور یورپ میں چھپ رہی ہیں ابھی تک پوری چھپ کر نہیں آ چکیں۔۱۳ یہ کتاب مولانا کی تحقیق و جستجو کا شاہ کار ہے مولانا نے اس کتاب کے لیے صرف ہندوستان میں ہی مواد تلاش نہیں کیا بلکہ آپ نے اس کتاب

کا ذخیرہ جمع کرنے کے لیے بیرونِ ملک مصروشام اورترکی کے سفر میں وہاں کے کتب خانوں کی بھی سیر کی۔اس کتاب کے لیے آپ نے طبری، کتاب الخراج عقدالفرید،مقریزی، بلاذری،فتوح البلدان،طبقاتِ ابن سعد،سیرۃ العمر بن امام جوزی،اخبار القضاۃ،محمد بن خلف اورمحاسن الرسائل الی اخبار الاوائل جیسی مستند کتابوں کا مطالعہ کیا ان کتب کا حوالہ شبلی نے الفاروق میں دیا ہے۔

اس کتاب کے ذریعے مولانا نے حضرت عمرؓ کی شخصی عظمت کے ساتھ ساتھ ان کے سیاسی نظام کو منظرِ عام پر لانے کی کوشش کی ہے۔شبلی نے اس کتاب میں بھی حق کے دامن کو نہیں چھوڑا اور اپنے ہیرو کا اگر کوئی کمزور پہلو دکھائی دیتا ہے تو اسے بے جا استدلال سے اس کے دفاع کی کوشش نہیں کرتے بلکہ اسے تسلیم کرلیتے ہیں۔تاریخ نویسی کا یہی اہم ترین اصول ہے کہ کسی کی بے جا طرف داری کرنے کی جگہ حقیقی تصویر پیش کی جائے مثال کے طور پر جب حضرت عمرؓ پر یہ الزام لگایا گیا کہ انہوں نے حضرت فاطمہؓ کوان کے گھر میں آگ لگانے کی دھمکی دی تھی تو شبلی حضرت عمرؓ کواس الزام سے بری کرنے کے لئے بے جا تاویلوں سے کام نہیں لیتے بلکہ کہتے ہیں کہ درایت کے اعتبار سے واقعہ کو نہ ماننے کی کوئی وجہ نہیں کیونکہ حضرت عمرؓ کی تندی اور تیز مزاجی سے یہ حرکت کچھ بعید نہیں۔[۱۴]

شبلی نے اپنی کتاب میں حضرت عمرؓ کے عہد کے اداروں اور محکموں اور عہدوں کے لئے نئی اصطلاحوں کا استعمال کیا ہے مثلاً صاحب الخراج کو کلکٹر کا نام دیتے ہیں۔شبلی کا ماننا ہے کہ جنگ وجدل کا نام تاریخ نہیں ہے بلکہ انسانی تہذیب وتمدن کے بیان کے بغیر تاریخ کی تصویر نامکمل ہے بقول سیدعبداللہ ''اس کتاب میں شبلی نے یہ ثابت کردیا ہے کہ صحیح تاریخ صرف جنگوں اورلڑائیوں کا نام نہیں ہے بلکہ اصل تاریخ تہذیبِ انسانی کا دوسرا نام ہے۔''[۱۵]

شبلی کی تصانیف میں سیرۃ النبی کے بعد الفاروق کوسب سے زیادہ مقبولیت ملی اوراسے علمی حلقہ میں کافی سراہا گیا۔

الغزالی

شبلی نے اپنے حیدرآباد کے قیام کے دوران الغزالی لکھی یہ کتاب 1903ء میں شائع ہوئی علم کلام پر لکھی جانے والی کتابوں کے تحت مولانا اس کی تیسری جلد میں آئمہ کلام کی سوانح لکھنا چاہتے تھے لیکن امام غزالی کے متکلمانہ خیالات سے ایسے متاثر ہوئے کہ جس طرح حکمرانوں میں مامون کو اورفقہاء میں امام ابوحنیفہ کواپنا ہیرو بنایا تھا اسی طرح متکلمین میں امام غزالی کواپنا ہیرو بنالیا اوران پر پوری کتاب تحریر کردی اوراس طرح ہندوستان کے مسلمانوں نے امام صاحب کوفلسفی،متکلم اوراخلاق کے بہت بڑے معلم کی حیثیت سے اس کتاب کے ذریعے جانا اور پہچانا۔

سیدعبداللہ کے نزدیک الغزالی فلسفہ کومقبول بنانے کی ایک علمی کوشش ہے۔[۱۶] اس کتاب میں امام غزالی کی ان کتب پرزیادہ توجہ دی گئی ہے جن کاتعلق فلسفہ سے ہے اس کتاب کے ذریعے شبلی علماء میں تصوف وفلسفہ کے خلاف پھیلی بدگمانیوں کوختم کرنا چاہتے تھے۔

سیدعبداللہ کے نزدیک کتاب کی فضا کچھ گھٹی گھٹی سی ہے لیکن اس کے لئے حیدرآباد کی فضا ذمہ دار ہے۔[۱۷] جس کا اعتراف شبلی نے بھی کیا ہے ان کے اعتراف سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ الغزالی کوجس پایہ کی کتاب بنانا چاہتے تھے چند مجبوریوں کے تحت وہ ایسا نہیں کرپائے۔لیکن ان تمام خامیوں کے باوجود الغزالی کی اہمیت کم نہیں ہوتی اس کتاب میں شبلی نے امام غزالی کوایک متکلم کی حیثیت سے پیش کیا ہے جو اردو میں اس موضوع پر پہلی کتاب ہے۔

سوانحِ مولانا روم:۔

الغزالی کے بعد مولانا شبلی نے مولانا روم کی سوانح 1904ء میں لکھنا شروع کی چند ماہ میں یہ کتاب مکمل ہوگئی مگر مختلف وجوہات کی بناء پر 1906ء میں یہ کتاب منظرِ عام پر آسکی۔ یہ کتاب مولانا نے حیدرآباد کے قیام کے دوران لکھی اس لئے یہ کتاب بھی سلسلۂ آصفیہ میں شامل ہے۔اس کتاب کا مقصد مولانا روم کوایک متکلم کی حیثیت سے پیش کرنا ہےجس میں مولانا کامیاب ہوتے نظر آتے ہیں اس میں مولانا روم کی مثنوی کے عقائد اور علم الکلام کے پہلوؤں کو پیش کیا گیا ہے۔

سوانح مولانا روم کے لئے شبلی نے مناقب العارفین، کشف الظنون اور جواہر مدیٔیہ جیسی کتب کا مطالعہ کیا مگر زیادہ تر مواد سپہ سالار کی کتاب سے لیا ہے جو مولانا روم کے سوانح نگار ہونے کے ساتھ ساتھ شاگرد بھی ہیں اس کتاب میں شبلی نے مولانا روم کی حالاتِ زندگی اور ان کی مثنوی پر تفصیلی معلومات فراہم کی ہےاردو زبان میں یہ پہلی کتاب تھی جس میں مولانا روم کی مثنوی میں کلامیات کے پہلو پر روشنی ڈالی گئی۔

اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر:-

اردو زبان میں تاریخ پر حقیقی کتابیں بہت کم لکھی گئی ہیں یہ رسالہ ان چند کتابوں میں سے ہے یہ رسالہ اورنگ زیب کے دفاع میں لکھے گئے مضامین کا مجموعہ ہے یہ مضامین 1906ء سے 1908ء تک تسلسل سے الندوہ میں شائع کئے گئے تھے پھران مضامین کو کتابی شکل دے کر 1908ء میں شائع کیا گیا۔اورنگ زیب کو بدنام کرنے کے لئے ایک بڑی مہم جاری تھی اور اس پر طرح طرح کے الزام لگائے جارہے تھےاس کتاب میں ان تمام الزامات کا جواب دینے کی کوشش کی گئی ہے۔مولانا محمد علی جوہر نے مولانا شبلی کو اس موضوع پر قلم اٹھانے کی صلاح دی تھی یہ وہ زمانہ تھا جب محمد علی جوہر بڑودہ میں ملازم تھے اور شبلی نعمانی اس زمانے میں اپنے بمبئی سفر کے دوران بڑودہ گئے تھے۔اس زمانۂ قیام میں انھوں نے مولانا شبلی سے تحریک کی کہ وہ عالم گیر کے الزامات کی تحقیق و جواب میں مفصل مضمون لکھیں مولانا نے اس کو منظور کیا۔

اورنگ زیب پر لگے الزامات کے سلسلے میں انھوں نے جو دلیلیں دی ہیں وہ سیاسی نوعیت کی ہیں لیکن ان کا مذہبی رنگ بھی عیاں ہے۔اورنگ زیب سے متعلق بعد میں جو دستاویز ملے ہیں اور جو اس وقت شبلی کو میسر نہیں تھے، ان کی بنیاد پر کئی باتوں میں ان کی تردید کی جاسکتی ہے۔اس کتاب میں چند متنازع مسئلوں اور واقعات کو پرکھا گیا اور اصولِ تعدیل اور مستند تاریخی حوالوں سے اس بات کو ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ ناروا داری اور عہد شکنی کے جو الزامات اورنگ زیب پر لگائے گئے ہیں وہ سراسر بے بنیاد ہیں اور شیعی و انگریز مصنفین نے قصداً واقعات کو اس طرح پیش کیا ہے کہ اورنگ زیب مجرم ٹھہرے۔

سیرۃ النبی:-

سیرت النبی مولانا شبلی کی مایہ ناز تصنیف ہے مولانا شبلی نے 1912ء میں یہ کتاب لکھنا شروع کی وہ اس کتاب کو کئی جلدوں میں لکھنا چاہتے تھے مگر اس کا پہلا حصہ ہی مکمل کر پائے اور دوسرے حصہ کے تکمیل کو پہونچنے سے پہلے ہی وہ اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔ان کے بعد ان کے شاگرد سید سلیمان ندوی نے ان کے خواب کو مکمل کیا اور سات جلدوں میں یہ کتاب شائع ہوئی۔

مولانا شبلی نے اپنے علی گڑھ کالج کے ابتدائی دور میں ہی بدء الاسلام کے نام سے عربی میں ایک مختصر کتاب حضرت محمدؐ پر لکھی تھی جب 1906ء میں مولانا محمد علی جوہر نے انھیں ایک مکمل سیرت النبی لکھنے کی طرف متوجہ کیا تو مولانا اس کے لئے رضامند ہوگئے لیکن مختلف وجوہات کی بناء پر مولانا اس کام کو شروع نہ کر سکے مگر 1912ء میں آپ پوری طرح اس کی طرف متوجہ ہوئے۔

مولانا شبلی کو اس بات کا پورا احساس تھا کہ اس وقت ایک مجموعی اور مستند سیرۃ النبی کی کتاب کی اردو زبان میں بہت ضرورت تھی۔ ان کے نزدیک اس کی ضرورت مزید اس لئے اور بڑھ گئی کہ اردو میں سیرت پر کوئی مستند کتاب نہ تھی اس لئے جدید تعلیم یافتہ لوگوں کو سیرت پر کچھ جاننے کے لئے انگریزی تصنیفات کی طرف رجوع کرنا پڑتا تھا جو تعصب رنگ آمیزی اور ناواقفیت کی وجہ سے غلطیوں سے پر تھیں۔

اس کتاب کی علمی حلقہ میں بے حد تعریف ہوئی۔ وقار عظیم کے مطابق آج تک سیرۃ النبی سے زیادہ محققانہ عمدہ اور جامع المعلومات کتاب رسولِ کریم پر نہیں لکھی گئی۔ ۱۸؎

اس کتاب کو لکھنے میں شبلی نے بہت زیادہ تحقیق و جستجو سے کام لیا جس کا اظہار انھوں نے خود کیا ہے۔ ''سیرت میں نہایت تنقید اور جانفشانی سے کام لے رہا ہوں اس لئے ہفتوں میں دو تین صفحے کا سامان ہاتھ آتا ہے۔''

شبلی نے اس کتاب کے لئے مستند کتابوں میں مواد تلاش کیا اور روایت و درایت کے اصولوں پر ہر بات کو پرکھا۔ سب سے پہلے وہ کسی بات کی سند قرآن میں تلاش کرتے ہیں۔ پھر صحیحین یعنی صحیح بخاری اور صحیح مسلم اس کے بعد صحاح ستہ کی دوسری کتب میں اور سب سے آخر میں وہ سیرت کی کتب کی طرف رجوع کرتے ہیں اور ان میں اس فن کی ابتدائی کتب ان کے پیشِ نظر ہوتی ہیں معاملہ جتنا اہم ہوتا ہے وہ اس میں اتنی ہی تحقیق سے کام لیتے ہیں شبلی خود کہتے ہیں کہ انھوں نے واقعات کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے ایک اہم واقعات جن کی چھان بین کے لئے وہ بڑی جانفشانی سے کام لیتے ہیں اور دوسرے روزمرہ کے عام واقعات۔ اس کتاب کے ذریعے مولانا شبلی نے یورپین مصنفین کی غلط باتوں کی تردید بھی کی ہے یورپین مصنفین نے اپنی کتابوں میں حضرت محمدؐ پر اور اسلام پر کئی طرح کے الزام لگائے ہیں شبلی نے اپنی تحقیق و تعدیل سے ان الزامات کا جواب دیا اور یہ ثابت کر دیا کہ یہ الزامات کس حد تک بے بنیاد ہیں۔

غرض ہم کہہ سکتے ہیں کہ سیرت النبی ایک بے مثال کتاب ہے اردو زبان میں سیرت پر اس سے بہترین کتاب آج تک نہیں لکھی گئی۔

تاریخی مضامین

مولانا شبلی نے ان مستقل تصانیف کے علاوہ تاریخ کے موضوع پر مختلف مضامین بھی لکھے ان کے یہ مضامین اس وقت کے معروف رسالوں میں شائع ہوئے بعد میں جب سید سلیمان ندوی نے ان کے مضامین کو آٹھ جلدوں میں شائع کیا تو ان کے تاریخی مضامین کو جلد پنجم اور ششم میں شائع کیا۔ حصہ پنجم میں مندرجہ ذیل مضامین ہیں۔

۱- حضرت اسماء (اخلاقِ عربیہ)
۲- المعتزلہ والاعتزال
۳- ابن رشد
۴- علامہ ابن تیمیہ حرانی
۵- متنبّی
۶- معبد انِ مجوس
۷- زیب النساء

۸- مولوی غلام علی آزاد بلگرامی

۹- فرید وجدی بک

جلد ششم میں درج مضامین کی فہرست کچھ اس طرح ہے

۱- تراجم

۲- کتب خانہ اسکندریہ

۳- اسلامی کتب خانے

۴- اسلامی حکومت اور شفاخانے

۵- ہندوستان میں اسلامی حکومت کے تمدن کا اثر

۶- مسلمانوں کی علمی بے تعصبی اور ہمارے ہندو بھائیوں کی ناسپاسی

۷- میکنکس اور مسلمان

شبلی کے یہ مضامین تاریخ کے مختلف موضوعات پر ہیں۔ ان میں کچھ مضامین تاریخی شخصیات پر ہیں۔ جیسے ابن رشد، علامہ ابن تیمیہ، زیب النساء اور حضرت اسماء۔ کچھ مضامین میں تاریخی مسائل کو بیان کیا گیا ہے۔ اور انکے ذریعہ کچھ غلط فہمیوں کو دور کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ جیسے ایک تحقیقی مضمون کتب خانہ اسکندریہ میں مولانا شبلی مسلمانوں پر عاید اس الزام کا کہ انہوں نے اسکندریہ کے کتب خانہ کو برباد کیا تھا جواب دیا ہے۔ اور تحقیق کے ذریعہ یہ ثابت کیا ہے کہ اسے خود عیسائیوں نے نذرِ آتش کیا تھا۔

ان کے تاریخی مضامین کے بارے میں اختر وقار کہتے ہیں۔ ''ان مضامین کے ہوتے ہوئے شبلی اگر کوئی اور تصنیفی کام نہ بھی کرتے تب بھی انہیں اردو میں تاریخ کا معلم اوّل سمجھا جاتا۔'' ۲۰

حوالے

۱- سید سلیمان ندوی، حیاتِ شبلی، دارالمصنفین، اعظم گڑھ، 1970، ص

۲- اختر وقار عظیم، شبلی بحیثیت مورخ، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی 1977

۳- شبلی نعمانی، الفاروق، دارالمصنفین، اعظم گڑھ، 1956ء، ص20

۴- ایضاً، ص

۵- سید عبداللہ، سرسید احمد خاں اور ان کے نامور رفقاء کی نثر کا فکری اور فنی جائزہ، نئی لیتھو آرٹ پریس، نئی دہلی، ص

۶- مولانا شبلی نعمانی، المامون، دارالمصنفین، اعظم گڑھ 2009، دیباچہ ص3

۷- ایضاً، ص

۸- سرسید احمد خاں اور ان کے نامور رفقاء کی نثر کا فکری اور فنی جائزہ، ص165

۹- مولانا شبلی نعمانی۔ سیرۃ النعمان، دارالمصنفین، اعظم گڑھ، ص

۱۰- ایضاً، ص101

۱۱- سرسید احمد خاں اور ان کے نامور رفقاء کی نثر کا فکری اور فنی جائزہ، ص

۱۲- حیات شبلی، ص231

۱۳- سیرۃ النعمان، ص

۱۴- الفاروق، ص

۱۵- سرسید احمد خاں اور ان کے نامور رفقاء کی نثر کا فکری اور فنی جائزہ، ص

۱۶- ایضاً، ص

۱۷-

۱۸- شبلی بحیثیت مؤرخ، ص123

۱۹- ایضاً، ص127

۲۰- شبلی بحیثیت مؤرخ، ص83

کتابیات

۱- احمد مفتون، مولانا شبلی نعمانی ایک مطالعہ، 1986 مکتوب اسلوب کراچی

۲- صدیقی، ظفر احمد شبلی بحیثیت سیرت نگار، 2001، علی گڑھ

۳- عبداللہ، سید، سرسید احمد خاں اور ان کے نامور رفقاء کی نثر کا فکری اور فنی جائزہ، لیتھو آرٹ پریس، نئی دہلی

۴- عظیم، اختر وقار، شبلی بحیثیت مؤرخ، 1979 اعتقاد پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی

۵- فاروقی، ضیاء الحسن، اشخاص و افکار 1973، مکتبہ جامعہ، نئی دہلی

۶- ندوی، سید سلیمان، حیات شبلی، 1970، دار المصنفین، اعظم گڑھ

۷- نعمانی، مولانا شبلی، الفاروق، 195، دار المصنفین، اعظم گڑھ

۸- نعمانی، مولانا شبلی، الغزالی، دار المصنفین، اعظم گڑھ

۹- نعمانی، مولانا شبلی، المامون، دار المصنفین، اعظم گڑھ

۱۰- نعمانی، مولانا شبلی، سیرۃ النبی جلد اول، دار المصنفین، اعظم گڑھ

۱۱- نعمانی، مولانا شبلی، سوانح مولانا روم، دار المصنفین، اعظم گڑھ

☆☆☆

ANWAR-E-TAHQEEQ

(Multiligual & Multidisciplinary Peer Reviewed Refereed Monthly Magezine from Qila-e-Golconda, Hyderabad, Deccan)

Volume:-2, Issue:- 3,4,5 March, April, May 2016

Price: Monthly:-50rs., Annual:- 500rs.

Supervision

Syed Adil Ahmad, Department of Archaeology, state museum, Hyderabad Telangana

Editor: **Syed Iliyas Ahmad Madni,**

Address:-

9-10-389, Neem Bowli, Masjid, Kathora House, Golconda Fort, Hyderabad,

Telangana- 500 008

Mob:- 09966647580 Email:- anwaretahqeeq@gmail.com

Editorial Board

Dr. Shaid Naukhez Azmi, D/o,Persian,Manuu

Dr. Mohd. Aqeel, D/o, Persian, BHU

Dr. Sakina I Khan, HOD Persian, BU

Dr. Mohd. Qamar Alam, D/o, Persian, AMU

M. Tauseef Khan Kaker, D/o, Persian, AMU

Ahmad Naved Yasir Azlan Hyder

Editor, quaterly DABEER, Kakori, Lucknow

Arman Ahmad

Editor, quaterly Irfan, Chapra, Bihar

Atifa jamal

Editor Yearly Kokab-E-Naheed, Sandila

Sheikh Abdul Raheem, JIH, Hyderabad

Mutabbi Ali Khan, Daily Munsif, Hyderabad

Advisory Board

Prof. Masood Anwar Alavi, AMU, Aligarh

Prof. Umar Kamaluddin, LU, Lucknow

Prof. Syed Hasan Abbas, BHU, Varanasi

Prof. Azeez Bano, MANUU, Hyderabad

P. Anuradha Reddy, Intex, Telangana, Hyderabad

Dr. Zareena Perveen, Director of Archieves, Hyd.

Dr. S. M. Asghar Abidi, AMU, Aligarh

Ahmad Ali, Keeper Manuscript, Salarjung, Hyd.

Dr. S. Asmath Jahan, MANUU, Hyderabad

Dr. M. A. Naeem, Hyderabad

M.A. Ghaffar, caleographer, AIwan-e-Urdu, Hyd.

Kishore Jhunjhunwala, Expert of coins, Mumbai

Amarbeer Singh, Expert of coins, Hyderabad